روز کسی دشمن کے گھر میں گاڑ دے تو وہاں کے رہنے والوں میں اچاٹن اور لڑائی ہوئے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:50

برائے فراری مار

اگر بدھوار کے روز اشنی نچھتر میں شام کے وقت یعنی بوقت مغرب کے مٹی کے ٹوٹے ہوئے کورے برتن پر سانپ کی تصویر بنائے اور یہ تین حروف (ب س ق) اس کے تین کونوں پر لکھ کر چوتھے کونے پر اپنے نام کا پہلا حرف لکھ دے پس جس گھر میں وہ دفن کیا جائے گا تو وہاں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔ شبیہ یہ ہے:


بر
ن
اس کونے پر اپنے
نام کا پہلا حرف لکھو
ق
س
ب
بر
ن

خوش جیوے بسو شہر از شاہ وچ مانچسٹر

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 51

برائے اطاعت مخلوق

گو کہ یہ طلسم بادشاہان والا شان کیلئے ہے حکماء لوگ تیار کرتے ہیں۔ تا کہ مخلوق ان کی اطاعت میں رہے مگر عام لوگ بھی اس نادر طلسم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔



چاہیے کہ بروز شکر وار بھرنی نچھتر میں ایک نگینہ زرد رنگ کا لے کر اس پر ایک تصویر آدمی کی جو کہ برجستہ کھڑا ہوا اور اس کے دست راست میں تلوار ہو اور تلوار کی دھار پر مساوی فاصلہ سے یہ حروف (ط ز ہ ج ا) کندہ کرے۔ پھر اس نگینہ کو انگشتری طلائی میں نصب

ز، ت، س روز اس انگشتری مذکور کو اپنے داہنے ہاتھ میں پہن لے تو ہر ایک آدمی اس کا مطیع رہے گا۔ مگر یہ خیال رہے کہ انگوٹھی کو پہن کر کسی جانور کو نہ مارے اور نہ ہاتھ میں لے کر مارے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:52

برائے مستجاب الدعوات

شبیہ طلسم:



خوش نصیبوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

جب بروز پنج شنبہ کے قمر حوت یا قوس میں مشتری کا ناظر ہوئے۔ ساعت ہو
دوم میں پارہ بلور لے کر اس پر صورت ایک مرد کی لباس بلورین پہنے ہوئے کرسی پر بیٹھے
ہاتھ میں کسی درخت کی شاخ لئے ہوئے بنائے اور اس صورت کے نیچے یہ حروف (ب س ح ا ل) لکھے بعد ازاں اس پارہ بلور کو سیسہ کی انگشتری میں نصب کرے اور اس کے نیچے قدرے کافور بھی رکھے بعد پنج شنبہ کے دن قبل از طلوع آفتاب انگلی میں پہن کر جو دعا مانگے خدا چاہے وہ مستجاب ہوگی اور ہم چشموں میں وہ محبوب اور سرخرو ہوگا۔

بشرطیکہ لباس سفید پہنے اور مچھلی اور جو نہ کھائے اور بلوط اور مسکا استعمال نہ کرے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:53

برائے درستی حافظہ وتمنائے دل

اگر بروز بدھوار پورا یا پھالگنی پچھتر میں سنگ لاجورد یا چاندی کے ٹکڑے پر بوقت مشتری ایک تصویر مرد کی بنائے جو کہ اچھا لباس پہنے ہو۔ اور اس کے داہنے ہاتھ میں ایک شاخ میوہ دار درخت کی ہو اور بائیں ہاتھ میں ایک آبجورہ گلی اور بائیں پسلی سے ملا ہوا ایک مرغ اور زیر قدم اشجار اور چشمہ ہووے اور دائیں طرف یہ حروف کندہ کرے۔

(د ہ ہ ہ) پھر اس نگینہ کو سیسہ کی انگوٹھی پر جڑوا کر پہنے تو حافظہ درست ہو جائے اور مراد دلی پوری ہوتی رہے۔

بشرطیکہ نخود نہ کھائے اور جھوٹ نہ بولے اور حمام میں نہ جائے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

شبیہ طلسم یہ ہے:



……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:54

برائے بسیار شدن محبت والفت

اگر دو شخصوں کے درمیان جن میں باہمی دشمنی ہو ان کے درمیان یا دوستوں کے

درمیان محبت و الفت قلبی پیدا کرتی ہو۔ بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کے روشناس ہوں۔ تو چاہیے کہ بروز شکروار نچھتر میں سفید موم سے دو تصویریں طالب و مطلوب کی بنائے اور مطلوب کے نام کے اعداد نکال کر اس میں (۸۴۴۸) اعداد زیادہ کرے اور کل مجموعہ کو ایک کاغذ پر لکھ کر طالب کی تصویر کے پیٹ میں اس کاغذ کو رکھ دیں اور ان دونوں تصویروں کو ایک مکان میں بالمقابل ہر دو گوشوں پر رکھے اور ہر تصویر مطلوب کو طالب کی طرف تھوڑا تھوڑا لاکر رکھے اور تصویر طالب کی اس جگہ پر ساکن رکھے پس اسی طرح مطلوب کی تصویر کو طالب کے نزدیک لاتا جائے۔ یہاں تک کہ جس روز آردا نچھتر میں تم نے اس کو بنایا تھا اس روز سے مولا نچھتر تک۔ جس روز مولا نچھتر میں وہ تصویر مطلوب کی طالب کے سینہ سے لپٹ جائے۔ پس اس وقت ان دونوں کو باہم پیوستہ کر کے ایک شکورہ گلی میں رکھ کر پوشیدہ طور پر ان پتلوں کو کسی سبزہ دار میں درخت شیریں کی جڑ میں گاڑ دے۔ پس جب تک وہ دونوں پتلے باہم پیوستہ اس جگہ گڑے رہیں گے ان دونوں کے درمیان محبت و انس زیادہ رہے گا۔

☆ ☆ ……☆…… ☆ ☆

گنجینہ طلسم نمبر:55

برائے حافظہ وقوت وصحت جسمانی

اگر کوئی آدمی کند ذہن ہو یا جسم اس کا ناتوان ہو یا دائم المریض ہو۔ تو اس کے واسطے ذیل کا طلسم تیار کرنے سے کافی فائدہ ہو سکتا ہے۔ یعنی بروز سنیچر وار اشنی نچھتر میں ایک سفید کاغذ لے کر اس پر اس طرح ایک فرضی شکل بنائے کہ ایک بوڑھا آدمی آب رواں کے کنارے پر کھڑا ہو اور اس بوڑھے آدمی کے سینے پر یہ کلمہ لکھ دیں۔ (طلطفکل) اور پھر اس آدمی کہ جس کے واسطے یہ طلسم تیار کیا گیا ہے۔ اس کے نام کے حروف لکھ کر اس کے اعداد نکالے اور ان میں (۵۹۸) اعداد اور جمع کرے اور کل کا ایک مجموعہ بنائے اور ان کو مربع کر کے اس بوڑھے آدمی کے سر پر لکھ دے۔ اور بوقت عمل نوشادر کا [illegible] ہے۔ جب یہ تیار ہو جائے تو فوراً اس کو ایک مٹی کے کوزہ میں بند کرے اس [illegible]

بیرہ خوب لگا دے اور جائے نمناک میں تین روز تک دفن رکھیں۔ چوتھے روز اسکو نکال کر وہ طلسم تانبے کے تعویذ میں بند کر کے اس آدمی کے بازو یا گلے میں باندھیں۔ اس طلسم کی تاثیر اس شخص پر کامل اثر کرے گی اور باندھنے سے ایک ہفتہ بعد وہ خود ہی اس کی تاثیر سے آگاہ ہو جائے گا اور بڑا فائدہ ہوگا۔ مثلاً ہم نے ایک شخص کے واسطے اس طلسم کو تیار کیا۔ اول ایک بوڑھے آدمی کی تصویر بنا کر اس کے سینہ پر کلمہ (ططفقکل) لکھا اور اس آدمی کے نام کے اعداد کو بحساب ابجد استخراج کیے تو (۱۲۲۶) ہوئے اب ان اعداد کے حروف با مراتب تیار کیے تو اول اکائی میں (۶) کا ہندسہ ہے اس کی (و) اور مراتب دہائی سے (ک) اور سیکڑہ سے (ر) اور مراتب ہزار سے (غ) بنایا اس کو مرکب کیا تو کلمہ (وکرغ) تیار ہوا۔ اس کو تصویر کے سر پر لکھ دیا اور باقی با ترتیب عمل کیا۔ شبیہ طلسم یہ ہے:



WWW.freeamliyatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قدرتی خاصیتیں در جسم انسان



www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

گنجینہ طلسمات نمبر:56

اس قادر مطلق نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے ہر چیز کی خاصیت اور ماہیت کو اپنی عقل خداداد سے بخوبی سمجھ سکتا ہے کتب میں لکھا ہے کہ اگر خوشی کے وقت انسان کا آنسو نکلے تو اس بوند کو اگر کوئی متفکر آدمی نوش کرے تو اس کا غم و رنج دور ہو جائے اور اگر

مرگی والے کو دیا جائے تو عارضہ مرگی جاتا رہے۔

دوم: اگر بھوکا آدمی اپنا لعاب دہن مقناطیس پر ڈالے تو اس کی کشش جاتی رہے اور وہ لوہے کو ہرگز نہ اٹھا سکے۔

سوم: اگر کسی شیر خوار بچہ کا دانت اکھڑ جائے اور وہ زمین پر نہ گرا ہو تو اس دانت کو چاندی میں منڈوا کر جو عورت اپنے پاس رکھے بانجھ ہو جائے۔

چہارم: اگر مردہ آدمی کا دانت بطور تعویذ کسی دانت درد والے کے گلے میں باندھیں تو اس کا درد جاتا رہے گا۔

پنجم: اگر انسان کی آنول جو وقت پیدائش کاٹی جاتی ہے اس میں تھوڑی سے لے کر زیر نگینہ رکھ کر انگشتری میں بند کر کے جس شخص کو قولنج کا درد ہو اس کے ہاتھ میں پہنا دیں تو اس کو درد سے فوراً آرام ہو۔

ششم: اگر نہار منہ بچھو کے کاٹے ہوئے زخم پر لعاب دہن لگا دیں تو بچھو کا زہر دور ہو جاتا ہے۔

ہفتم: مردہ آدمی کی ہڈی کا تعویذ بنا کر تپ ربع والے کے گلے میں ڈالنے سے اس کو آرام ہوتا ہے۔

ہشتم: اس کے ناخن جلا کر خاکستر کر دیں اور پھر جس کو کھلا دیں وہ دوست ہو جائے۔ محبت کرے۔

نہم: اگر کسی شخص کو نکسیر کا عارضہ ہو تو ایک پارچہ پر اسی خون سے اس کا نام لکھ کر اس کو کہہ دیں کہ وہ اس پارچہ کو دیکھتا رہے فوراً خون بند ہو جائے گا۔

دہم: انسان کے پیشاب کو جوش دے کر درد نقرس پر طلا کرنا نہایت مفید ہے۔

یازدہم: نابالغ لڑکے کا پیشاب شہد میں ملا کر پکائیں اور اس کے سفیدہ چشم [illegible] آنکھ میں لگائیں تو سفیدی چشم دور ہو جائے۔

دوازدہم: سر کے [illegible] بال اور ناخنوں کو جلا کر تین روز تک خارش پر لگانا خارش کو دور کرتا ہے۔

از شاہ دوچ مانچسٹر

☆

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOK
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

عورت

گنجینۂ طلسمات نمبر: 57

کہتے ہیں کہ اگر عورت کا سالم بال آبِ شور میں گر جائے اور اس پر سورج کی شعاع پڑے تو وہ بال مثل سانپ کے ہو جائے۔

دوم: اگر عورت بکارت کا خون اپنی چھاتیوں پر مل لے تو اس کی چھاتیاں سخت اور ہمیشہ چھوٹی رہیں گی اور ہا کرہ عورت کا خون حیض آنکھ میں لگانا سفیدی آنکھ کو دور کرتا ہے۔

سوم: اگر زن حائضہ برہنہ جنگل میں کھڑی ہو تو گزندہ جانور ہرگز نزدیک نہ آئیں گے اگر زن حائضہ اس حالت میں شیشہ کو دیکھے تو شیشہ دھندلا ہو جائے گا اس پر پرچھائیں پڑ جائیں گی اگر ایسی عورت کسی نہر یا تالاب میں اشنان کرے تو پانی اس کا تلخ ہو جائے۔

چہارم: اگر کوئی شخص ایسی حالت میں اس سے سنگت کرے تو اس کی طاقت مردمی زائل ہو جائے صحت کے لئے پرہیز لازمی ہے۔

پنجم: اگر کوئی شخص مرگی کے عارضہ میں مبتلا ہو اور اس وقت ایسی عورت اس کے جسم کو مس کرے تو اس کی مرگی جاتی رہے۔

ششم: اگر زن حاملہ کا سایہ سانپ پر پڑے تو وہ اندھیا ہو جائے۔

ہفتم: اگر پارچہ حیض کو کشتی کے بادبان پر باندھ دیں تو بادہائے مخالف سے کشتی کو ہرگز نقصان نہ پہنچے۔

نہم: جس شخص کو چوتھے روز کا تپ آتا ہو۔ اس کو وہ کپڑا جو عورت کے وضع حمل میں اس کے اوپر ہو پہننے کے لئے دیا جائے اور پہن لے تو اس کا تپ دور ہو جائے۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

حیوانات اوران کے اوصاف

تاثیرات حیوانات

گنجینہ طلسمات نمبر: 58

گھوڑا:

اس کے دانت بروز منگل وار لے کر شیر خوار لڑکے کے گلے میں باندھیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ اگر ایسے شخص کے سرہانے جو سوتے میں دانت پیستا ہو بے خبر اس کے زیریں بائیں گھوڑے کا دانت رکھ دیں تو وہ ہرگز دانت نہ پیسے۔

دوم: اگر گھوڑے کی دم کا بال لے کر مکان کے دروازہ کے آگے تان دیں تو اس گھر کے اندر مچھر ہرگز نہ داخل ہوں۔

سوم: اگر وضع حمل کے وقت اس کے سموں کا دھواں عورت کو دیا جائے تو ولادت میں آسانی ہو اس طرح سرگین کا دھواں بھی ولادت میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اگر کسی بیخ یا ہونے والے گھوڑے کا سم لے کر مکان میں دفن کر دیں تو چوہے اس مکان سے بھاگ جائیں۔

پنجم: اگر گھوڑے کا پسینہ بغل میں یا موئے زہار پر لگایا جائے تو پھر اس جگہ بال ہرگز پیدا نہ ہوں۔

ششم: اگر اس کی سرگین کا عرق نکسیر والے کی ناک میں ڈالیں تو اس کو عارضہ سے آرام ہو۔

ہفتم: اگر گھوڑی کا دودھ عورت ضعیفہ چند روز استعمال کرے تو باکرہ ہو جائے۔

ہشتم: سرگین اسپ کا عرق کان میں ڈالنے سے درد کان کو آرام ہوتا ہے۔

نہم: اگر اس کے ناخن لے کر اس میں بید کی جڑ برابر وزن ڈال کر خوب باریک پیس کر کسی آتش دان یا بھٹی میں ڈال دیں تو اس جگہ آگ نہ جلے اور صرف لکڑی کا دھواں ہوا۔

دہم: اگر اس کی سرگین کو جلا کر تکوں کے تیل میں خوب حل کر کے بالوں پر لگائیں تو بال بہت لمبے ہو جائیں۔

اس کا گوشت کھانا بہادری و شجاعت پیدا کرتا ہے اور قسی القلب اور سخت دل کرتا ہے اس کے کباب سرد مزاج کے قوت باہ کو نافع ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر: 59

ہاتھی

www.freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

یہ جانور بڑا قوی اور جسیم ہوتا ہے اول اس کے کان کی میل اگر ذرہ بھی کوئی شخص کھا جائے تو اس کو سات روز تک نیند نہ آئے۔

دوم: اس کی چربی کا دھواں جس شخص کو دیا جائے وہ عارضہ جذاب میں مبتلا ہو جائے۔

سوم: اس کی ہڈی مرگی والے کے بازو پر باندھیں تو اس کی مرگی دور ہو جائے۔

چہارم: اگر اس کا دانت کسی ثمرہ دار درخت کے ساتھ باندھ دیں تو وہ اس سال پھل نہ دے۔

پنجم: اگر ہاتھی دانت کے برادہ کی دھونی گھر میں دخان کریں تو مچھر ہرگز نہ رہے۔

ششم: اس کا پیشاب اگر گھر میں چھڑک دیں تو چوہے بھاگ جائیں۔

ہفتم: اس کی سرگین وزنی 9 ماشہ تعویذ نقرہ میں محفوظ کر کے لڑکے کے گلے میں باندھ دیں تو نظر بد اور جملہ آفات ارضی اور سماوی سے محفوظ رہے۔

ہشتم: اگر اس کے دانت کا برادہ زخم فاسد پر چھڑکیں تو جلد آرام ہو۔

نہم: اگر اس کی سرگین درد قولنج والے کو نوش کرائیں تو ہمیشہ کیلئے اس عارضہ سے نجات پائے۔

دہم: اگر اس کی سرگین میں سانپ کی کینچلی ملا کر سرمہ بنائیں تو پڑبال وڈھلکا کا مرض دور ہو۔

خوش جیوے ... مانچسٹر

یازدہم: اس کی سرگین حمول کرنا مانع حمل ہے۔

دوازدہم: ہاتھی دانت کو جلا کر خاکستر کر کے اس کے برابر سوت ملا دے اور انکو بکری کے دودھ میں کھرل کر کے جس جگہ بال نہ جمتے ہوں۔ وہاں لیپ کرے۔ فوراً اس جگہ بال پیدا ہو جائیں۔

سیزدہم: اگر ہاتھی دانت کو مٹی کے آبخورے میں بند کر کے اس طرح جلائیں کہ اس کا دھواں نہ نکلنے پائے اور پھر اس خاکستر کو پانی میں ملا کر بالوں پر لگا دیں۔ تو بال بہت بڑھیں

......☆......

گنجینہ طلسمات نمبر 60:

www.freeamliyatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اونٹ

اول: اونٹ کی چربی جس جگہ رکھیں وہاں سے سانپ بھاگ جائیں۔

دوم: اگر اس کے بال مسلسل بول والے کی ران میں باندھیں تو اس کو آرام ہو۔

سوم: جو لڑکا رات کو سوتے ہوئے بستر پر پیشاب کرتا ہے اس کی ران پر باندھ دیں تو وہ پیشاب نہ کرے گا۔

چہارم: کرمخوردہ یا دانت درد دانت والے کو اس کے دودھ کا غرہ کرایا جائے تو اس کو آرام ہوگا۔

پنجم: اس کا پیشاب درد کان کیلئے کان میں ٹپکانا مفید ہے۔

ششم: نکسیر والے کے سر پر اس کی سرگین کا لیپ کرنا فائدہ مند ہے۔

ہفتم: اس کی سرگین کو جلا کر شہد میں بجھا دیں اور ان کو ڈبیہ میں بند کر دیں جب بھی آگ کی ضرورت ہو اس کو توڑ کر ہوا میں رکھیں تو فوراً آگ پیدا ہو جائے۔

نہم: اگر اس کے دست راست کا ناخن گھر میں رکھیں تو سب چوہے بھاگ جائیں۔

جیوے

......☆......

منتر از شادو چ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:61

گدھا

اول: اس کی آواز سے کتے کی پشت میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے مغز یا استخوان کو روغن زیتون میں جوش دے کر سر پر ملیں تو بال بہت لمبے ہوں۔

دوم: اگر اس کے دانت ایسے شخص کے سرہانے رکھ دیں جس کو نیند نہ آتی ہو تو اس پر نیند غالب آئے گی۔

سوم: اس کے سموں کا دھواں وضع حمل میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اگر بوقت جفتی اس کے دم کے بال لے کر کوئی شخص اپنی ران میں باندھے تو فوراً نعوذ پیدا ہو اگر اس کی دم کے بال شراب میں ڈال کر کسی کو پلا دیں تو فوراً آمادہ فساد ہو۔

پنجم: اگر اسکی پیشانی کے پوست کو خاکستر کر کے اس کی راکھ کو پانی میں ملا کر کسی گروہ کو پانی پلا دیں تو ان میں نا اتفاقی ہو۔

ششم: اگر اس کا سم پانی میں گھس کر مرگی والے کو پلا دیں تو مفید ہے اگر روغن میں جلا کر خنازیر پر ملیں تو آرام ہو۔

ہفتم: اگر اس کے دودھ کو گرم کر کے کلی کریں تو درد دانت سے آرام ہو۔

ہشتم: اگر اس کے چوتڑوں پر روغن تلخ اور روغن زرد ملا کر لگا دیں تو جب تک یہ لگا رہے گا گدھا ہرگز نہ ہینگے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:62

خچر

اول: اس کو استر بھی کہتے ہیں اس کے کان کے میل اگر کسی عورت کو کھلا دیں تو وہ بانجھ ہو جائے۔

خوش حسین
ارشاد ووچ مانچسٹر

دوم: اگر اس کا استخوان کوئی طفل کھا جائے تو مدہوش ہو جاتا ہے۔

سوم: اگر اس کے سموں کو پانچ درم روغن السی میں ملا کر جوش دیں اور پھر اس تیل کو گنج سر یا جہاں بال پیدا نہ ہوتے ہوں لگائیں تو چند روز میں بال پیدا ہو جائیں گے۔

چہارم: اگر اس کے سم یا سرگین یا بالوں کا دھواں کسی مکان میں کریں تو اس جگہ سے تمام چوہے بھاگ جائیں۔

پنجم: اگر اس کی پیشانی کا چمڑہ کسی جگہ جلایا جائے تو پھر اس جگہ جو کام کریں ہر گز سرانجام نہ ہو۔

ششم: اس کا دانت جو شخص اپنی جیب میں رکھے کبھی روپیہ پیسہ سے خالی نہ رہے۔

ہفتم: اس کی دم کے بال دو شخصوں کے پارچہ کے ہمراہ جلا کر اس راکھ کو کھلا دیں تو ان دونوں میں نا اتفاقی ہو جائے۔

گنجینہ طلسمات نمبر:63

بکری

اول: اگر بکری کی داڑھی بخار چوتھیا والے کے باندھیں تو آرام ہو۔

دوم: جو لڑکا شیر خوار رات کو زیادہ روتا ہو۔ اس کے سرہانے اس کی چند مینگنیاں رکھ دیں تو آرام سے سو جاتے ہیں۔ اگر بچے کے پیٹ میں درد ہو تو اس کے پسینہ کا عرق اس کی مقعد میں لگانے سے آرام ہو۔

سوم: بقول بلنیاس سفید رنگ کی بکری کے سینگ کسی پارچہ میں لپیٹ کر جس شخص کے سرہانے وہ کپڑا رکھ دیں تو وہ خواب سے بیدار نہ ہو۔ اگر پہاڑی بکری کا سینگ خوابیدہ کے سرہانے رکھ دیں تو راز دل بیان کرے۔

* * *

FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.freeamliyaatbooks.com

جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:64

بھیڑ

اول: اس کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے ڈھلکا اور سفیدی آنکھ کی دور ہو جاتی ہے۔

دوم: اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے گاڑ دیں تو اس کا پھل شیریں اور قبل از موسم بار آور ہو۔

سوم: اس کے بالوں کو جلا کر اس کو عورت حمول کرے۔ ہرگز حاملہ نہ ہو۔

چہارم: اس کی چربی اور مچھلی کی چربی برابر لے کر بتی بنا کر چراغ میں جلائے تو تمام گھر جب تک چراغ جلتا رہے۔ پانی سے بھرا ہوا نظر آئے۔

⁂

گنجینہ طلسمات نمبر:65

سگ یعنی کتا

اول: اگر بروز منگل وار لال اور بروز سنیچر وار سیاہ کتے کی زبان جوتے کے نیچے دوخت کر کے وہ جوتا پہنیں تو پھر کوئی کتا اس کو دیکھ نہ بھونکے۔

دوم: اگر سیاہ کتے کی بائیں آنکھ بروز آماوش یا قمر در عقرب میں کسی مکان میں دفن کر دیں تو وہ مکان ویران ہو جائے اور جو شخص اس میں رہتے ہوں سخت تکلیف اٹھائیں، اگر سیاہ کتے کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھیں تو دیوانے کتے کا زہر ہرگز اثر نہ کرے۔

سوم: اگر شیر خوار بچہ کے گلے میں اس کے دانت کا تعویذ بنا کر پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

چہارم: اگر دیوانے کتے کا دانت اپنے پاس رکھیں تو پھر کوئی دیوانہ کتا اس کو نہ کاٹے گا۔

پنجم: کتے کا عضو مخصوصہ خشک کر کے ران میں باندھنے سے قوت مردانگی کثرت سے

FREE AMLIYAT BOOK'S

گنجینہ طلسم نمبر: 51

برائے اطاعت مخلوق

گو کہ یہ طلسم بادشاہان والاشان کیلئے ہے حکماء لوگ تیار کرتے ہیں۔ تا کہ مخلوق ان کی اطاعت میں رہے مگر عام لوگ بھی اس نادر طلسم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔



www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چاہیے کہ بروز شنبہ وار بھرنی پچھتر میں ایک نگینہ زرد رنگ کا لے کر اس پر ایک تصویر آدمی کی جو کہ برجستہ کھڑا ہو اور اس کے دست راست میں تلوار ہو اور تلوار کی دھار پر مساوی فاصلہ سے یہ حروف (ط ز ہ ج ا) کندہ کرے۔ پھر اس نگینہ کو انگشتری طلائی میں نصب

گنجینہ طلسمات نمبر:64

بھیڑ

اول: اس کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے ڈھلکا اور سفیدی آنکھ کی دور ہو جاتی ہے۔

دوم: اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے گاڑ دیں تو اس کا پھل شیریں اور قبل از موسم بار آور ہو۔

سوم: اس کے بالوں کو جلا کر اس کو عورت حمول کرے۔ ہرگز حاملہ نہ ہو۔

چہارم: اس کی چربی اور مچھلی کی چربی برابر لے کر بتی بنا کر چراغ میں جلائے تو تمام گھر جب تک چراغ جلتا رہے۔ پانی سے بھرا ہوا نظر آئے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:65

سگ یعنی کتا

اول: اگر بروز منگل وار لال اور بروز سنیچر وار سیاہ کتے کی زبان جوتے کے نیچے دوخت کر کے وہ جوتا پہنیں تو پھر کوئی کتا اس کو دیکھ نہ بھونکے۔

دوم: اگر سیاہ کتے کی بائیں آنکھ بروز آماوش یا قمر در عقرب میں کسی مکان میں دفن کر دیں تو وہ مکان ویران ہو جائے اور جو شخص اس میں رہتے ہوں سخت تکلیف اٹھائیں، اگر سیاہ کتے کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھیں تو دیوانے کتے کا زہر ہرگز اثر نہ کرے۔

سوم: اگر شیر خوار بچہ کے گلے میں اس کے دانت کا تعویذ بنا کر پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

چہارم: اگر دیوانے کتے کا دانت اپنے پاس رکھیں تو پھر کوئی دیوانہ کتا اس کو نہ کاٹے گا۔

پنجم: کتے کا عضو مخصوصہ خشک کر کے ران میں باندھنے سے قوت مردانگی کثرت سے

www.freeurdubookspdf.com FREE URDU BOOK'S www.facebook.com/groups/freeurdubooks

پیدا ہوتی ہے۔

ششم: اگر کتا کاٹے تو دوسرے کتے کے بال جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھر دے تو آرام دہ۔

ہفتم: اگر کسی جانور کے زخم ہو جائے تو کتے کی ہڈی پانی میں رگڑ کر لگا دیں اور اس کے گلے میں باندھیں تو فوراً اس کے زخم کو آرام ہو۔

ہشتم: اگر کوئی کنکر کتے کو ماریں اور کتا اس کو اٹھا کر پھینک دے تو پھر اس کنکر کو شراب میں ڈال کر جس شخص کو وہ شراب پلا دیں اس میں لڑائی و جنگ جوئی کا مادہ بہت بڑھ جائے اگر اس کو کبوتر کی جگہ پر رکھ دیں تو تمام کبوتر پریشان ہو جائیں۔

نہم: اگر سیاہ کتے کی زبان موزہ یا کفش میں دوخت کریں اور وہ جوتا پاؤں میں پہنیں تو کتے ہرگز نہ بھونکیں۔

www.freeurdubookspdf.com
FREE AMAZING BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeurdubooks

گنجینہ طلسمات نمبر:66

گربہ یعنی بلی

اول: اگر سیاہ بلی کی زبان جس عورت کا پاؤں چھوٹ جائے تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں تو خون بند ہو۔

دوم: اگر سیاہ بلی کے دانت کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو رات کو کسی ویران جگہ میں رہ جائے تو کبھی خوف نہ کھائے۔

سوم: جس وقت یہ جانور بچہ جنے۔ فوراً اس کی آنول لے کر جو شخص اپنے پاس رکھے صاحب دولت و امیر کبیر ہو یا صاحب اولاد کثیر ہو۔

چہارم: سایہ بھوت و پریت۔ جس شخص پر ہو اس کو اس کی سرگین کا دھواں دینا نہایت مفید اور دافع آسیب ہے۔

پنجم: اگر اس کی آنکھیں تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں باندھیں تو نظر بد سے ہمیشہ محفوظ

رہے۔

ششم: اگر بروز منگل وار اس کی بائیں آنکھ نگینہ نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں پہنے تو اس پر کبھی جادو کا اثر نہ ہو۔

ہفتم: اس کے سرگین کو روغن گل میں آمیزش کر کے بخار والے کے پاؤں کے تلووں میں لگائیں تو اس کا بخار جلد اتر جائے۔

ہشتم: اگر سیاہ بلی کی زبان زیریں پاپوش پیوستہ کر کے جنگل میں جائیں تو کوئی درندہ نزدیک نہ آئے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر: 67

شیر



اول: اس کے دانت لڑکے کے گلے میں منڈھا کر بطور تعویذ ڈال دیں تو نظر بد سے محفوظ رہے۔ دانت بلا تکلیف نکلیں اور اس کے دانت اپنے پاس رکھنے والا درندوں کے عارضہ سے محفوظ رہتا ہے۔

دوم: اس کی چربی رعشہ دار پر ملنے سے رعشہ دور ہوتا ہے۔ جلق کو بھی اسکی مالش مفید

ہے اور اسکی چربی چہرہ پر ملنے سے چھائیں دور ہوتی ہیں۔

سوم: اس کا پنجہ جو شخص اپنے پاس رکھے اسکے گرد کوئی درندہ جانور نہ آئے۔

چہارم: اس کے پنجہ کو پانی میں دھو کر جس چار پایہ کو وہ پانی دو چار مرتبہ پلایا جائے وہ لاغر ہو جائے۔

پنجم: اس کی پیشانی کا چمڑہ پگڑی یا ٹوپی میں خفیہ رکھ لے تو ہر ایک آدمی اس سے دہشت کھائے اور لوگوں کی نظر میں عزیز ہو۔

ششم: اس کی سرگین شراب میں ملا کر کسی شخص کو پلا دیں تو پھر ہرگز وہ شخص شراب نہ پیئے بلکہ شراب سے ہمیشہ کیلئے نفرت کرے۔

ہفتم: اس کی کھال کے نقارہ کی آواز گھوڑے کے کانوں میں پہنچے تو بیمار ہو جائے۔

ہشتم: جہاں سانپ زیادہ ہوں وہیں شیر کی چربی اور پیاز رکھ دیں تو دونوں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:68

گرگ یعنی بھیڑیا



خوشبو پیارے سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

اول: اس کی داہنی آنکھ جو شخص اپنے پاس رکھے وہ کسی جگہ سے دہشت وخوف نہ کھائے اور بائیں آنکھ جو اپنے پاس رات کو رکھے تو اسکو نیند نہ آئے۔

دوم: اگر اس کا سر بکریوں کے رہنے کی جگہ پر گاڑ دیں تو سب بیمار ہو جائیں۔

سوم: اگر اس کا سر کبوتر خانہ میں رکھ دیں تو بلی وہاں ہرگز نہ جائے۔

چہارم: اس کا دانت جو شخص تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے اس پر کوئی بھیڑیا غالب نہ آئے اگر گھوڑے کی پشت سے باندھیں تو تیز رفتار ہو۔

پنجم: اگر اس کے پاؤں راست کی ہڈی اپنے جوتا میں دوخت کرے یا پاؤں میں باندھے تو چلنے میں تھکان نہ ہو اور اگر اس کے کعب چپ کی ہڈی اپنے پاس رکھے تو خصومت اور لڑائی جھگڑے میں کامیابی اٹھائے۔ خصوصاً عورتوں کے بالمقابل

ششم: اس کی دم جس جگہ دفن کی جائے وہاں مکھیاں ہرگز نہ آئیں۔

ہفتم: اگر نقار خانہ میں اس کا چمڑہ جلایا جائے تو نقارے سب پھٹ جائے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:69

ریچھ

اول: اگر اس کا دانت عورت کے دودھ میں رگڑ کر بچہ کو پلا دیں تو اس کے دانت بلا تکلیف نکلیں۔

دوم: اگر اس کی آنکھ تپ چوتھیا والے کے گلے میں تعویذ بنا کر باندھیں تو آرام ہو۔

سوم: اس کی چربی اگر کالے کوے کی چربی میں ملا کر بالوں پر لگا دیں تو بال جلد سفید نہ ہوں۔

چہارم: اس کا خون آنکھوں میں لگانا پڑوال کو دور کرتا ہے۔

پنجم: اس کا چمڑہ اگر بداخلاق اور زبان دراز آدمی کے بدن پر باندھیں تو حلیم الطبع اور نیک اخلاق ہو

بخشی جیسوے سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:70

شغال یعنی گیدڑ

اول: بروز اماوش یا منگل وار کے دن اس کی زبان جس گھر میں دفن کر دی جائے اس گھر میں نا اتفاقی اور رہنے والوں کا باہم جنگ وجدل رہے۔

دوم: اس کے دانت جو شخص اپنے پاس رکھے کتا اس پر ہرگز نہ بھونکے۔

سوم: اس کی دائیں آنکھ تعویذ بنا کر اپنے رکھنا قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔

چہارم: اس کے پاؤں راست کا ناخن جو اپنے پاس رکھے۔ چلنے میں تھکان نہ ہو۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:71

گوزن یعنی بارہ سنگا

اول: اس کے سینگ جس گھر میں ہوں گزندہ جانور وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔ اگر اس کی داہنی طرف کا سینگ اپنے پاس رکھے تو درندوں سے محفوظ رہے۔

دوم: اس کے سینگ کا دھواں مکان میں کریں تو سانپ وہاں سے بھاگ جاتے ہیں

سوم: درد دانت میں اس کے سینگوں کو جلا کر خاکستر اس کی دانتوں پر ملنے سے درد دانت دور ہو جاتا ہے۔

چہارم: اس کے بالوں کا دھواں گھر میں کرنے سے چوہے بھاگ جاتے ہیں۔

پنجم: اگر اس کے سینگ کو بوقت وضع حمل عورتوں کی ران میں باندھیں تو ولادت میں آسانی ہو اور اس کے سینگ جو جس جگہ درد ہو رگڑ کر لگا دیں تو درد سے آرام ہوتا ہے۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:72

آہو یعنی ہرن

اول: اس کی زبان سایہ میں خشک کر کے اگر کسی زبان دراز عورت کو کھلائی جائے تو وہ علیم الطبع اور فرمانبردار ہو۔

دوم: اگر اس کی داہنی آنکھ پکہ پختہ میں لے کر زیر نگینہ انگشتری میں نصب کر کے ہاتھ میں پہنے تو قوت مردانگی اور دل کی تقویت اور ہر دلعزیز ہوتا ہے۔

سوم: اس کے سینگ کا دھواں کرنا تمام گزندہ جانوروں کو دور کرتا ہے۔

چہارم: اس کے ٹخنہ کی ہڈی مسافر اپنے پاس رکھے تو سفر میں تھکان نہ ہو۔

پنجم: اس کی بائیں آنکھ کو تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے مستورات میں ہر دلعزیز اور ان پر غالب آتا ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:73

خرگوش

اول: اس کا مغز اگر عورت کھائے تو بانجھ ہو جائے۔

دوم: اس کی ہڈیاں جلا کر درد دانت پر ملنے سے آرام ہوتا ہے۔

سوم: اگر اس کی شتالنگ کی ہڈی اپنے پاس رکھنے سے جادو کا اثر ہرگز نہیں ہوتا۔

چہارم: اگر خون حیض بند نہ ہوتا ہو تو اس کے بالوں کی بتی بنا کر استعمال کرنے سے فوراً خون بند ہو جاتا ہے اور اس کا سرگین عورت رکھے تو حاملہ ہو۔

پنجم: جس بچہ کو پسلی کی بیماری ہو اس کو اس کا ایک قطرہ خون دینا آرام آتا ہے۔

ششم: اس کے دانت کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنا قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے۔

ہفتم: اس کے پتہ کا عرق تیل میں ملا کر عضو مخصوصہ پر مالش کرنے سے عجیب الاثر ہے

www.freeamliyatbooks.com
FREE AMLIYAT BOOKS

ہشتم: اگر اس کے خون کو روغن گل میں ملا کر نئے چراغ میں بھر کر روئی کی بتی ڈال کر چراغ جلا دیں تو خرگوشوں کی شکلیں چلتی پھرتی نظر آئیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:74

نیولا



اول: اس کی چربی اگر دانتوں پر ملیں تو تمام دانت گر جائیں۔

دوم: اگر اس کی چربی کسی مسواک کرنے والی لکڑی پر مل کر اس میں اس کو جذب کر دیں اور پھر مسواک کسی کرنے کیلئے دیں تو آہستہ آہستہ اس کے تمام دانت آسانی سے گر جائیں۔

سوم: اگر اس کی چربی لڑکے کے مسوڑھوں پر ملیں تو اس کے دانت آسانی سے گر جائیں۔

چہارم: اگر اس کی پشت کی ہڈی عورت بوقت قربت اپنے پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو

پنجم: اس کا خون خنازیر پر لگانا آرام بخشتا ہے۔

ششم: اس کا سرگین جاری شدہ زخم پر باندھنا خون کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:75

جنگلی چوہا......سیہ

اول: اگر کسی جگہ کے بال اکھاڑ کر اس کے پتہ کا عرق اس جگہ پر لگا دیں تو بال زندگی بھر ہرگز اس جگہ پیدا نہ ہو۔

دوم: اس کی بائیں آنکھ کو روغن میں جوش دے کر کان میں ٹپکانا درد کان کو آرام دیتا ہے

سوم: دیوانے کتے کے کاٹے ہوئے زخم پر اس کا خون لگا دیں تو فوراً زہر دور ہو جائے

چہارم: اس کے داہنے ناخن کا دھواں بخار چڑھیا والے کو آرام بخشتا ہے۔

......☆......

گنجینہ طلسمات نمبر:76

لنگور



اول: اس کے کسی عضو کی ہڈی جو شخص اپنے پاس رکھے ہر دل عزیز ہو

دوم: اس کے دانت کو گھس کر آنکھ میں لگانا سفید چشم کو نافع ہے۔

سوم: جو شخص اس کا خون نوش کرے فوراً گونگا ہو جائے اور لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو

چہارم: اگر اس کے چمڑا کی غربال بنا کر اس میں تخم چھان کر بوئیں تو وہ ٹڈی اور موش وغیرہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

پنجم: اس کی آنکھ کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنا قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

ششم: اس کی کھوپڑی کو بروز اماوش لے کر اس پر دو شخصوں کے نام لکھ کر قبرستان میں دفن کرنے سے دونوں کے درمیان دشمنی ہو جائے اگر گذرگاہ دشمن میں دفن کریں تو دشمن آوارہ ہو جائے۔

☆

فری عملیات بکس
گفتار
FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسمات نمبر: 77



یہ جانور قبروں سے مردے اکھاڑ لیتا ہے۔

اول: جو شخص اس کی زبان کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے وہ ہمیشہ دشمنوں پر غالب رہے

اور دشمن اس سے خوف کھائیں۔

دوم: اس کے دانت پاس رکھنے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔

سوم: جو شخص اس کی چربی ابرو پر لگائے پھر اس پر جس کی نظر پڑے وہ اس سے بہت محبت سے پیش آئے۔

چہارم: اس کا عضو مخصوصہ خشک کر کے بقدر دو رتی استعمال کرنا مرض سستی کو دور کرتا ہے اور بدکار عورت کا بلا اطلاع کھلائیں تو وہ بدکاری سے باز آجائے۔

پنجم: اس کا پوست اپنے پاس رکھنا عزیز خلائق کرتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:78

مرغ

اول: اس کا زہرہ ورگڑ کر آنکھ میں لگانے سے یہ مرض رتوند دور ہوتی ہے۔

دوم: اگر سوموار اس کو اپنی کمر میں باندھے تو ہرگز ماندہ نہ ہو۔

سوم: اس کے شکم میں پتھری گندم نما یا سفید رنگ کی ہوتی ہے اگر اس کو لے کر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو قوت باہ اور طاقت مردی زیادہ ہوتی ہے۔

چہارم: جب دو مرغ باہم لڑتے ہوں۔ اس وقت جو خون نکلے اس خون کو کسی چیز میں ملا کر دو محبوں کو کھلا دیں تو دونوں میں عداوت اور دشمنی پیدا ہوجائے اگر اس خون کو شہد میں ملا کر مالش کریں تو قوت زیادہ ہو۔

پنجم: اگر بروز منگل وار اماوس کے دن یا قمر در عقرب میں سیاہ مرغ کی بیٹھ کسی در دروازہ پر چپکا دیں تو اس گھر کے رہنے والوں میں مخالفت اور دشمنی ہو جائے۔ حکمائے یونان کا قول ہے کہ جس گھر میں سفید مرغ ہو وہاں شیطان نہیں آتا۔

ششم: ایک مرغ کرکناتھ ہوتا ہے جس کا گوشت پوست بالکل سیاہ ہوتا ہے اگر اس کی چربی آنکھوں میں لگائیں تو دفینہ نظر آئے۔

ہفتم: اس کے سر کو چکنا کر دو تو ہرگز آواز نہ دے۔

ہشتم: مرغی کی چربی میں مردار سنگ زرد ملا کر عضو پر لیپ کر کے جس سے قربت کریں تو پھر کوئی دوسرا شخص اس پر قادر نہ ہو سکے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:79

طاؤس یعنی مور



اول: اس کا گوشت معہ چربی کھانے سے ذات الجنب کو فائدہ دیتا ہے۔

دوم: اس کی ہڈی اگر بچہ کے گلے میں بطور تعویذ باندھیں تو نظر بد اور جملہ آفات سے محفوظ رہے۔

سوم: اس کے بائیں طرف کی ہڈی وردِ زہ میں عورت کی ران پر باندھیں تو آرام ہو۔

چہارم: اس کے سر کا تاج جو شخص اپنے پاس رکھے۔ ہر دلعزیز ہو۔

پنجم: اس کی چونچ سے پندرہ کا تعویذ لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے زر و مال سے

مالا مال ہو اور جس گھر میں موجود ہو وہاں گزندہ اور حشرات الارض جانور نہ رہیں۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:80

کبوتر

اول: اگر رتوندے والے کی آنکھوں میں اس کا پتہ لگا دیں تو اس کا رتوندا دور ہو۔

دوم: اس کا انڈا کسی زخم پر رکھیں تو زخم اچھا ہو۔

سوم: اس کی سرگین وضع حمل میں حمول کرنا ولادت میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اس کی سرگین زخم آتشک پر لگائیں تو آرام ہو۔

پنجم: اگر پنجال کبوتر صحرائی کو تیل میں جذب کر کے مالش کریں تو قوت مردانگی زیادہ ہو

ششم: اس کی داہنی آنکھ کو تعویذ بنا کر یا زیر نگینہ نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں رکھیں تو عزیز خلائق اور لوگوں سے محبت بہت ہو۔

ہفتم: اس کے پتہ میں تلی، سہاگہ، کافور، شہد ملا کر لیپ کرنا طرف ثانی کو مغلوب اور مطیع کرتا ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:81

ہد ہد

اول: اسکا تاج جس کے سر درد ہو اس کے باندھیں تو فوراً آرام ہو۔

دوم: اسکا سر خشک کر کے روغن میں ملا کر اس روغن کو چہرہ پر ملیں تو ہر دلعزیز ہو اگر کسی خوابیدہ کے سرہانے رکھ دیں تو اس پر نیند بہت غالب ہو۔ اگر انسان اپنے پاس رکھے تو بھولی ہوئی بات کو یاد دلاتا ہے۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS



سوم: اگر اس کی زبان کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو دشمن مغلوب اور حاسدوں پر فتح کامیابی ہوتی ہے۔

چہارم: اسکے ناخن اپنے ناخنوں کے ہمراہ ملا کر بروز شکر وار قمر زائد النور میں کسی عورت یا آدمی کو کھلائیں تو وہ محبت میں دیوانہ ہو۔

پنجم: اس کا دل تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے قوت زیادہ ہوتی ہے اگر بریاں کر کے ایک روٹی کے ساتھ دو آدمی مل کر کھائیں تو دونوں میں الفت و محبت زیادہ ہو۔

ششم: داہنا بازو اس کے سرہانے رکھے تو نیند کا بہت غلبہ ہو۔ بایاں طرف کا رکھیں تو نیند نہ آئے۔

ہفتم: اگر اس کے پروں کو جہاں کبوتر رہتے ہوں جلائیں تو تمام کبوتر وہاں سے بھاگ جائیں۔

ہشتم: اس کی ہڈی کا گھر میں دخان کریں تو زہریلے جانور مچھر وغیرہ تمام دور ہو جائیں

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:82

گنجشک یعنی چڑیا

اول: اس کا گوشت کھانا ممسک ہے اور ریح کو دفع کرتا ہے۔

دوم: اس کے انڈوں کا استعمال وقت شہوانی کو بڑھاتا ہے۔

سوم: اس کے انڈوں کو تین روز تک زمین میں دفن کر کے پھر نکال کر زخم ناسور پر لگائیں تو آرام ہو۔

چہارم: اس کے خون اور پتہ کو آرد مسور میں ملا کر جوب بنائیں اور بوقت ضرورت عضو پر طلا کریں اور زمین پر پاؤں نہ رکھیں تو عجیب لطف اور سرور بخشتا ہے۔

پنجم: اس کی بیٹھ آنکھ میں لگانے سے شب کوری دور ہوتی ہے اگر اس کی بیٹھ کو شہد میں رگڑ کر پھوڑے پھنسی پر لگائیں جلد مواد پختہ ہو یا تحلیل ہو جائے۔

ششم: گنجشک نر کو پکڑ کر اس کے بال و پر دور کریں اور اس کو زندہ ڈورے میں باندھ کر تنور میں چھوڑ دیں بعد ازاں اسکو ذبح کر کے گھی میں بھونیں اور شیشی میں بھر کر رکھ چھوڑیں اس کی مالش سستی کو دور کرتی ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:83

زاغ یعنی کوا

اول: اگر اس کا دل تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو پیاس نہ لگے۔

دوم: اس کے پر جلا کر جس جگہ بال پیدا نہ ہوں اس جگہ لگائیں تو بال پیدا ہو جائیں۔

سوم: اگر دو محبوں کے درمیان کوے اور الو کی آنکھ کا دھواں کریں تو دونوں میں نفاق پیدا ہو۔

چہارم: اس کی چربی چہرہ پر مل کر جس شخص کے سامنے جائیں محبت سے پیش آئے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

پنجم: اگر اسکی سرگین سرخ کپڑے پر باندھ کر کھانسی والے کو کلائی میں باندھیں تو کھانسی سے آرام پائے۔

ششم: اگر یکم پنجشنبہ میں کوے کے دائیں پاؤں کا ناخن لیکر جیب میں رکھیں تو روپیہ پیسہ سے کبھی جیب خالی نہ رہے۔

ہفتم: سیاہ زاغ کی زبان کو تیل میں جلا کر اس کے کاجل کو اس شخص کی آنکھوں میں لگا دیں جو الٹا پیدا ہوا ہو تو اس کو اگر کسی جگہ کچھ گڑا ہوا ہو تو معلوم ہو جائے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:84

چیل

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اول: اس کا پتہ اگر سانپ کی راہ گذر پر ڈال دیں تو جو سانپ اس کے اوپر سے گذرے گا فوراً ہلاک ہو جائے گا۔

دوم: جس جگہ سانپ بہت ہوں اس جانور کو وہاں گاڑ دیں تو سب سانپ بھاگ جائیں گے۔

سوم: اگر بچھو کاٹ جائے تو اس کے پتہ کو بطور سرمہ اس طرف کی آنکھ میں لگا دیں تو بچھو کا زہر اتر جائے۔

چہارم: اسکی ہڈی جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھرنے سے زخم جلد پر اچھا ہوتا ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:85

چمگادڑ

اول: اس کی کھوپڑی سرہانے رکھیں تو نیند ہرگز نہ آئے۔

دوم: اگر اس کے دماغ کا تعویذ بنا کر انسان اپنے پاس رکھے تو خواہش نفسانی بڑھ

جائے اور قوت زیادہ ہوتی ہے۔



سوم: اس کا خون آنکھ میں لگانے سے مرض شب کوری دور ہوتی ہے اگر بغل کے بال اتار کر اس کا خون اس جگہ لگا دیں تو پھر عمر بھر بال پیدا نہ ہوں۔

چہارم: اس کی سرگین چونہ و ہڑتال میں ملا کر جس جگہ بال ہوں وہاں لگا دیں تو فوراً اتر جائیں۔

پنجم: اس کے سرگین کو تلوں کے تیل میں بریاں کر کے مالش کریں تو مرض سستی دور ہو اور اس کے سرگین کا سرمہ آنکھوں میں لگانا سفیدی چشم کو مفید ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:86

الو

اول: اس کی دونوں آنکھیں پانی میں ڈالیں جو سیدھی رہے گی وہ خواب والی اور جو الٹی ہو وہ بیداری والی ہوگی۔ اگر سیدھی آنکھ کو کسی خفتہ کے سرہانے رکھ دیں تو اس قدر نیند غالب ہو کہ اس کا اٹھنے کو دل نہ چاہے اور معکوس آنکھ کو اگر نگینہ کے زیریں نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں پہنائی جائے تو اس کے پہننے والے کو نیند نہ آئے۔

دوم: اس کی آنکھ مشک میں حل کر کے جس کو سونگھا دے وہ دوست ہو جائے۔

سوم: اس کا گوشت کباب کر کے جس جماعت یا شخص کو کھلا دیں وہ متفکر و حیران و پریشان ہو۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

چہارم: اس کی ہڈی جلا کر اس کی راکھ جس کے سر پر ڈالیں وہ آوارہ ہو جائے۔

پنجم: اس کے پر جلا کر جس کو اس کی خاک کھلا دیں وہ ہر وقت غمگین رہے۔

ششم: اس کی آنکھ چاندی میں منڈھا کر اس تعویذ کو منہ میں رکھے تو غیب کے حالات جلد معلوم ہوں۔

ہفتم: الو کا پر اور گوگل سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں چرب کر کے فتیلہ بنا کر جلائیں اور اس کی سیاہی کا کاجل بنا کر آنکھوں میں لگائیں تو تپ چوتھیا اس کی تاثیر سے جاتا رہے

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:87

www.freeamliyatbookspdf.com

باز

اول: اس کے پتہ کو سرمہ میں ملا کا ابتدائے مرض موتیا بند میں لگانے سے موتیا بند کو زائل کرتا ہے۔

دوم: اس کے پتے کے عرق کو لقوہ والے کی ناک میں ایک بوند ٹپکا دیں اس کو آرام ہو۔

سوم: جس درخت پر اس کے ناخن باندھیں وہاں چڑیا ہرگز نہ آئیں۔

چہارم: اگر کوئی عضو جل گیا ہو تو اس کی ہڈی کی راکھ اوپر لگا دیں تو جلد زخم بھر جائے آرام ہو۔

پنجم: اگر قمر در عقرب میں اس کی چونچ لے کر اس کے چمڑہ پر اس سے دشمن کا نام لکھ کر جائے ویرانہ میں دفن کر دیں تو دشمن آوارہ و سرگرداں ہو جائے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:88

ابابیل

خوش جیوے سرفراز

اول: اس کے آشیانہ گھاس کو پانی میں دھو کر بوقت وضع حمل دردزہ کی عورت کو پلائیں تو

ولادت میں آسانی ہو۔

www.freeamliyatbooks.com

دوم: اس کی آنکھیں ایک پارچہ میں باندھ کر جس شخص کے سرہانے رکھ دیں اس کو ہر گز نیند نہ آئے۔

سوم: اس کا گوشت کھانے سے آنکھ کی روشنی زیادہ ہوتی ہے۔

چہارم: اگر عورت اس کا گوشت کھائے تو خواہش دنیاوی اس کی زائل ہو جائے۔

پنجم: اس کی سرگین کو بطور مرہم دنبل پر لگائیں تو مواد پختہ ہو کر پھٹ جائے۔

ششم: اگر اس کی داہنی آنکھ کو زیر نگینہ نصب کر کے انگشتری کو ہاتھ میں پہنیں تو زر و مال زیادہ ہو ہر طرح سے ترقی دولت ہو۔

......☆......

گنجینہ طلسمات نمبر: 89

بطخ

اول: اگر اسکا پتہ روغن بنفشہ میں ملا کر ناک میں ٹپکا دیں تو درد شقیقہ کو آرام ہو۔

دوم: اسکی چربی پھٹی ہوئی بوائی پر لگانے سے آرام ہوتا ہے۔

سوم: اگر اس کی چربی کو چہرہ پر ملیں تو خوبصورتی میں اضافہ ہو۔

چہارم: جس کو چوتھیا کا تپ آتا ہو اس کے داہنے بازو میں اسکا بایاں بازو باندھیں تو آرام ہو۔

پنجم: اس کے استخوان جلا کر تیل میں ملا دیں اور جائے درد پر مالش کریں تو آرام ہو۔

ششم: اس کے انڈے کی سفیدی خشک کر کے پانی کے ہمراہ قدرے کھائیں تو خشک کھانسی جاتی رہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:90

مینڈک

www.freeamliyatbookspdf.com

اول: اگر اس کو شراب میں ڈالیں فوراً مر جائے پھر جب اس کو پانی میں رکھیں فوراً زندہ ہو جائے گا۔

دوم: اس کا شکم چاک کر کے سانپ کے کاٹے ہوئے زخم پر باندھیں زہر دور ہو جائے فوراً آرام ہو۔

سوم: اگر ابلتی ہوئی دیگ پر اس کو رکھ دیں تو اس کا تمام جوش جاتا رہے۔

چہارم: اگر اس کی زبان آٹا میں ملا کر روٹی پکائیں اور جس شخص پر چوری کا گمان ہو اس کو کھلا دیں تو وہ تمام راز بتا دے گا۔

پنجم: اگر حالت خواب میں اس کی زبان عورت کی چھاتی پر رکھیں تو اپنا راز دل فوراً اظہار کرے گی۔

ششم: اس کی زبان کو ٹھیکر کے چھلکوں میں جلا کر اس کی راکھ جہاں لگا دیں وہاں بال پیدا ہوں۔

ہفتم: اس کا خون اگر بدن پر ملیں تو سردی ہرگز نہ لگے۔

ہشتم: نوچندی اتوار کو زرد رنگ کا مینڈک لے کر اس کی پیشانی پر دہی کا تلک لگا کر گوگل

کی دھونی دے کر اس کو ہنڈیا میں بند کردو۔ جب وہ سوکھ جائے تو اس کو نکال کر پیس لو اور موسم برسات میں ایک چٹکی بھر بارش میں ڈال دو تو سینکڑوں مینڈک پیدا ہو جائیں۔ یہ نہایت عجیب وغریب شعبدہ ہے۔

حہم: مینڈک کی چربی ہاتھ میں مل کر آگ کوئلہ پکڑیں تو ہاتھ نہ جلے اگر اس کی چربی میں انجیر کی لکڑی تر کر کے چولہے میں ڈال دیں تو اس میں کوئی چیز نہ پکے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:91

عقرب یعنی بچھو

یہ زہریلا جانور ہے اس کی خاصیت کے بارے میں یوں مذکور ہے کہ

اول: اگر کسی جگہ بچھو کاٹے تو دوسرے بچھو کا یا اسی کا پیٹ چاک کر کے جائے گزندہ پر باندھ دیں تو تمام زہر اتر جائے۔ درد سے فوراً آرام ہو۔

دوم: بچھو کو مٹی کے برتن میں بند کر کے دیگدان میں رکھ کر خاکستر کردیں پھر وہ خاک

برابر نیم "اٹنگ مریض سنگ مثانہ" کو کھلا دیں تو چند روز کے استعمال سے آرام ہو۔

سوم: اگر کسی شخص کو بخار مدت سے آتا ہو تو بچھو کے کاٹنے سے آرام پائے۔

چہارم: بچھو کو جس مکان میں جلا دیں اس کے دھوئیں سے وہاں ہرگز کوئی بچھو نہ رہے۔

پنجم: بچھو کو جلا کر اس کی خاکستر جس جگہ پر بال ہوں لگا دیں پھر اس جگہ ہرگز بال پیدا نہ ہوں۔

ششم: جہاں بچھو ڈنگ مارے وہاں فوراً ایک مکھی مار کر مل دو زہر دور ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:92

ٹڈی



یہ بڑا نامراد جانور ہے فصل کے پودوں کو جڑ سے کاٹ دیتا ہے اس کی خاصیت کتب میں یوں مذکور ہے۔

اول: اگر دراز پاؤں کی ٹڈی کو بخار چوتھیا والے کی گردن میں باندھیں تو اس کو آرام ہوتا ہے۔

دوم: بواسیر والے کو ٹڈی کی دھونی دیں تو فائدہ ہوتا ہے۔

سوم: ٹڈی کی ٹانگ کا ضماد بواسیر کے مسوں کو چند بار کے کرنے سے دور کرتا ہے۔

چہارم: اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کو ٹڈی کی دھونی دینے سے اس کا پیشاب

اثر آتا ہے۔

پنجم: ٹڈی کو جلا کر خاکستر کر کے اس کی راکھ اگر زخم ناسور پر لگائیں زخم جلد اچھا ہو۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر: 93

خراطین یعنی کیچوا

یہ سرخ رنگ اور پانی کے کنارے مٹی کے نیچے اپنے آپ کو چھپائے رکھتا ہے اور خود بخود طویل ہوتا جاتا ہے۔ موسم برسات میں کثرت سے نکلتا ہے۔

اول: اس کو کانٹے پر لگا کر جہاں مچھلیاں ہوں وہاں پھینک دیں تو مچھلی اس کو کھانے کو آتی ہے۔ جس کو مچھلی پکڑنے والے فوراً پکڑ لیتے ہیں۔

دوم: اس کو بریاں کر کے یرقان کے مریض کو کھلا دیں تو آرام آئے۔

سوم: اس کو خشک کر کے پانی میں بھگو کر وہ پانی حاملہ کو وضع حمل کے وقت پلائیں تو ولادت آسانی سے ہو۔

چہارم: اس کو خاکستر کر کے روغن گل میں ملا کر جس جگہ بال نہ پیدا ہوتے ہوں وہاں لگا دیں تو بال پیدا ہوں۔

پنجم: اگر خراطین کو بے معلوم کسی عورت کی چوٹی میں رات کو باندھ دیں تو اس کو احتلام ہو جائے۔

ششم: خراطین کو صاف کر کے جنگلی کبوتر کی بیٹھ اور نرگس کی گانٹھ اور عقرقرحا ملا کر میٹھے جوش دیں تو اس تیل کی مالش سستی والے مریض کو از حد فائدہ دیتی ہے اور قوت بڑھاتی ہے۔ خراطین کو روغن زیتون اور عقرقرحا میں حل کر کے مالش کرنی قوت کو بڑھاتی ہے۔

ہفتم: خراطین کو شہد میں ملا کر درد گلو پر لگانا آرام بخشتا ہے۔

……☆……

جیوے

از شاہ وچ مانچسٹر

مردوں کیلئے الفت و محبت پیدا کرنے والے بے نظیر تنتر

گنجینہ طلسم نمبر:94.

اگر کسی کو شوق ہو کہ لوگ مجھ سے زیادہ الفت و محبت کریں اور مہربانی سے پیش آئیں تو اس کو چاہیے کہ گدھ ایک جانور ہے جو مردار کھاتا ہے اس کی دونوں آنکھیں لے کر ان کو روغن شریف میں خوب حل کر کے اور بعد ازاں اس روغن کو جس روز کہ پچھتر ہو ایک چراغ گلی تو میں ڈال کر روئی کی بتی بنا کر اس کی سیاہی اتارے اور پھر اس میں مکھن ملا کر کاجل بنا دے پس جو شخص اس کاجل کو آنکھوں میں لگا کر نزد محبوب جائے یا کسی مرد و زن سے بالمقابل ہو کر بات کرے تو وہ اس کی طرف دیکھتے ہی محبت ہو جائے گا اور بڑے محبت و اخلاص سے پیش آئے گا اور یہ کہ کمال مہربان ہوگا۔

راز شاد وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 95

بھنگرہ اور گوکھرا کی جڑ اور گوروچن ان تینوں کو ملا کر گولی بنائیں پس جب کسی مجلس یا کسی زبردست کے سامنے جانا ہو تو اس گولی کو گھس کر اس کا تلک پیشانی پر لگائیں تو بڑی محبت اور مہربانی سے پیش آئیں گے یہ تنتر عجیب الخاصیت ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 96

پکھ پچھتر میں مدار یعنی آک کی جڑ بروز اتوار کو لائیں اور اس کو بھیڑ کے خون تازہ میں خوب حل کریں اور پھر اس میں سرمہ کا کاجل ملا دیں اور پھر جو شخص اس کاجل کو آنکھوں میں لگا دے تمام زن و مرد اس کے دیکھنے والے اس پر فریفتہ ہوں اور کمال الفت و محبت سے پیش آئیں اگر نزد محبوب حصول مطلب کے لئے جائیں تو مدعا دلی بر آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 97

بروز اتوار جبکہ پکھ پچھتر ہو اس وقت دھتورہ کی پانچوں چیزیں یعنی جڑ، ڈنڈی، پھل، پھول، برگ لے کر زیرہ سفید اور گوگل ملا کر ان سب کو بھینس کے خون میں خوب حل کریں اور گولیاں بنائیں پس اس گولی کی دھونی جس مرد یا عورت کو دیں اس میں مادۂ الفت و محبت کا زیادہ ہو اور اس کے عامل سے اس کو کمال درجہ کی الفت پیدا ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 98

ہڑتال مینسل اور بھنورے کے دونوں پر اور دھتورہ کے پھول سب برابر وزن لے کر خوب کوٹ کر گولیاں بنا کر رکھ چھوڑیں اور بعد ازاں اس گولی کو گھس کر جو شخص اس کا تلک اپنی پیشانی پر لگائے دیکھنے والے محبت ہوں ہر دلعزیزی کا عجیب تنتر ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 99

پکھو یا شرون پچھتر میں دھتورہ کی ہی کلی اور مور کی بیٹھ ان کو برابر وزن لے کر خوب باریک گولیاں بنائیں اور پھر ان میں سے ایک گولی کا دھواں جس شخص کو دیں وہ کمال محبت اور مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:100

کیسر، بھنگر، بڑتال برابر وزن لے کر اس میں بروز شکروار یا کچھ نچھتر اپنی چھوٹی انگلی کا خون ملا کر اس کا تلک اپنی پیشانی پر لگا دیں تو اس کی تاثیر سے جو لوگ اس کی طرف دیکھیں گے عزت اور الفت سے پیش آئیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:101

بھنورے کے دونوں پر اور طوطے کا ماس اور کان کی میل لے کر ان میں کچھ نچھتر میں اپنی انامکا انگلی کا خون ملا کر گولی بقدر بسور بنا کر بروز شکروار ایک گولی جس عورت کو کھلا دیں وہ محبت میں دیوانی ہو اور اس شخص کی اس کی کمال توجہ ہو بلکہ اسکی علیحدگی ایک لمحہ کیلئے بھی اس کو ناگوار معلوم ہو اگر اس گولی کو رگڑ کر عورت کے جسم سے تھوڑی سی لگا دیں تو کمال محبت و مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:102

تالیس۔ کٹھ۔ بھنگر تینوں کو برابر وزن لے کر خوب حل کریں اور بعد ازاں اس کے سلوف کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی بنا کر ایک چراغ نو میں روغن سرسوں ڈال کر بروز شکروار کچھ نچھتر میں انسان کی کھوپڑی کے اوپر رکھ کر چراغ جلائیں اور اس کی سیاہی اتاریں اگر کھوپڑی میسر نہ ہو دوسرے طریقہ سے سیاہی اتارے اور بعد ازاں اس میں روغن گاؤ ملا کر اس کا کاجل بنا لیں پس اس کے کاجل کو جو شخص آنکھوں میں لگائے گا ہر دلعزیز ہو گا جبکہ نزد محبوب و مطلوب کے اس کاجل کو لگا کر جانا عاذلی بر لاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:103

کچھ نچھتر میں سیاہ دھتورے کے پھول اور بھرنی نچھتر میں پھل اور بشاکھا نچھتر میں شاخ اور ہست نچھتر میں برگ اور مولا نچھتر میں جڑ لا کر اس میں کپور، کیسر، گوروچن ملا کر سب کو خوب باریک کرے اور پھر اس کی گولیاں بنا کر رکھ چھوڑے اور بوقت ضرورت اس کو گھس کر پیشانی پر اس کا تلک (قشقہ) لگائے تو اس کی بے نظیر تاثیر عورتوں کو موہت اور روشی

بھوت کر دیتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:104

سیاہ بھنورے کے دونوں پر معہ اس کے بالوں کے اور پھوکر مولی اور تگر اور سفید کاک جنگھاں ان سب کو باہم خوب باریک کریں پھر اس سفوف سے تھوڑا سے کسی زہرہ جبیں کے بدن پر بے خبر ڈال دیں تو بڑی الفت و محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:105

بھنگرہ سیاہ و سفید اور لاجونتی (چھوئی موئی) اور سہد یوی ان سب کو برابر وزن لے کر خوب باریک چھان کر سفوف بنائیں اور جب کسی مجلس میں جانے کا اتفاق ہو تو اس کا تلک پیشانی پر لگا کر جائیں تو اہل مجلس بڑی عزت و تواضع کریں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:106

اتوار کو جب پکھ نچھتر ہو تو ایک تازہ انڈا مرغ کا لے کر اس میں سوراخ کر کے اس کی سفیدی دور کریں اور پھر اس میں اپنا آب سفید بھر دیں اور پھر اسکا منہ بند کر کے سرگین اسپ میں ۲۱ روز تک دفن کریں اور بعد ازاں نکال کر چھلکا اس کا دور کریں اور بقیہ کو خشک کر کے رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت اس سفوف میں سے قدرے جس عورت کو کھلائیں وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے اور اپنے زر و مال اور تن و جان سے اس پر نثار ہو اور اس کی جدائی اس کو ناگوار گزرے عجیب بے نظیر نسخہ ہے جس کو دوستوں نے تجربہ کیا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:107

ہدہد کے ناخن اور اپنے دست و پا کے ناخن بروز شکروار اتار کر ایک سفال آب نارسیدہ میں خاکستر کریں اور اس میں اپنا آب سفید ملا کر قدرے جس عورت کو کھلائیں وہ موہت ہو اور بکمال محبت و الفت کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:108

جس روز مرگشر نچھتر سوموار کے دن ہو اس روز سپاری لے کر اس کو خوب باریک

کرے اور پھر اس میں اپنا آب سفید ملا کر اس کو پان میں قدرے ڈال کر جس عورت کو کھلا دے وہ وحشی بھوت یعنی موہت ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:109

پکھ پختر میں تل یا مجیٹھ کا سفوف بنا کر جس کے بدن پر ڈالے وہ محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:110

کیسر، چندن، گوروچن کا تلک پیشانی پر لگانا لوگوں میں محبت پیدا کرتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:111

لوچندری اتوار کو مرگھٹ کی خاک اور اس میں اپنا لعاب دہن اور آب سفید ملا کر اس میں اپنے دست و پا کے ناخن خاکستر کر کے ملائے اور اس میں سے قدرے استری کو کھلائے وہ موہت یعنی وحشی بھوت ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:112

کاک جنگھاں، بیج، کوڑان سب کو خوب باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں اپنا آب سفید اور خون ملا کر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں اور جب کسی استری کو اپنے اوپر موہت کرنا ہو تو ایک گولی پر منتر مندرجہ ذیل ۲۱ مرتبہ پڑھیں:

اونگ نمو بھگوتی رود رائے
چامنڈی اوسکی مم ویشمان سواھا

پڑھ کر اس کو پان یا کسی اور چیز میں کھلا دے تو محبت میں فریفتہ ہو بلکہ ہمیشہ مطیع و فرمانبردار رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:113

پکھ پختر میں ننگر جٹا (یا چھڑ) کی جڑ لے کر تھوڑی دیر اپنے منہ میں رکھ کر پھر پان میں رکھ کر جس کو کھلائے وہ محبت و الفت کرے۔

www.freeamliyaatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:114

پکھ نچھتر میں مجیٹھ کی جڑ لے کر اس کو خوب باریک پیس کر سفوف بنائیں اور پھر اس سفوف کو جس شخص کے جسم پر تھوڑا سا ڈال دے وہ محبت و مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:115

گوروچن اور مچھلی کا پتہ دونوں کو خوب ملا کر گولی بنائے اور پھر جو عورت اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگائے دیکھنے والے اس سے محبت کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:116

گوروچن اور سہدیوی کی جڑ لے کر اور جوانساہ کی جڑ دونوں کو باریک کر کے پیس کر گولی بنائیں پھر جو شخص اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگائے تو دیکھنے والے نہایت عزت اور محبت سے پیش آئیں۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر:117

پکھ نچھتر میں سفید آک کی جڑ اور جوانساہ کی جڑ لے کر دونوں کو کھرل کر کے گولی بنائے اور اس کا تلک پیشانی پر لگائے تو دیکھنے والے نہایت عزت اور محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:118

شروِن نچھتر میں یوکھ مول کی جڑ لے کر اس میں تگر ملا دے اور گولی بنائے پھر اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگا کر نزد محبوب کے جائے تو محبت درجہ کمال ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:119

مجیٹھ، موتھا، بچ، سفید آک کی جڑ اور اس میں اپنے جسم کا خون ملا کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے لوگوں میں محبت و ہر دلعزیزی پیدا ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:120

مور کے دائیں اور بائیں انگ کے دونوں پر اور پھوکھر مول و تگر و سفید آک

جنگھاں ان سب کو خوب پیس کر سفوف بنائے اس میں جس کے سر پر تھوڑا سا ڈالے وہ محبت میں دیوانہ اور مطیع و فرمانبردار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:121

شکل یعنی چاند نے حسنہ میں جس روز منگل وار کو بھرنی نچھتر اور تتھ دوج ہو اس روز الائچی خورد اور سپاری دکنی و مالکنی اور لونگ کے لے ان کو خوب باریک کرے اور پھر اس میں لاجونتی کا عرق ڈال کر اس کو کھرل کرکے اس میں اپنا سفید آب ڈالے اور مونگ کے برابر گولی بنا کر اس گولی میں سے جس محبوب کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلا دیں وہ تمام عمر مطیع و فرمانبردار رہے اور طالب کی محبت میں فریفتہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:122

منگل وار کو بشاکھا نچھتر میں منتر پڑھ کر:

اونگ پائے اجنائے سواھا

دار ہلدی کی جڑ اکھاڑے اور پھر اس کو خوب باریک پیس کر سفوف بنا لے اور اس سفوف میں سے قدرے جس استری کے سر پر ڈالے وہ موہت اور تابع دار اور فرمانبردار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:123

کرشن پکھ کی ترودشی کے دن سفید چوٹلا کی جڑ لا کر اس میں سے قدرے پان میں رکھ کر جس کو کھلائے وہ محبت میں فریفتہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:124

جب سوموار کو پکھ نچھتر ہو اس روز برہم ڈنڈی بوٹی کی شاخ لا کر اس کو گھس کر آنکھوں میں لگائے تو جو شخص اس کی طرف دیکھے وہ نہایت الفت اور محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:125

الو کی دونوں آنکھیں، بنس، لوچن، اور گھیکوار ان تینوں کو ملا کر حل کرلے اور جب

خشک ہو جائے تو اس کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی میں رکھ کر چراغ تو میں روغن لگائے ڈال کر اس کو جلائے اور اس وقت اس چراغ کے مقابل بیٹھ کر یہ منتر پڑھے:

اونگ نمو مہاپکی اس اس کے ویشی مان سواھا

اور اسکے دھواں کی سیاہی اتار لے پھر اس کو مکھن میں ملا کر کاجل بنائے پس اس کاجل میں سے جو شخص ایک سلائی آنکھوں میں ڈال کر نزد محبوب کے جائے وہ درجہ کمال محبت میں فریفتہ اور دل و جان سے مطیع ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:126

کبوتر کی بیٹھ شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے طرف ثانی کو موہت کر لیتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:127

گورچن کو مور پارہ، کیسر، چندن، دھتورہ کے عرق میں کھرل کر کے ترکیب مذکورہ بالا استعمال کرنے سے طرف ثانی محبت میں سرشار اور مطیع اور فریفتہ ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:128

سرسوں سفید کو پنچ کنڈا کے عرق میں کھرل کر کے جو شخص اس کا تلک پیشانی پر لگائے اس کو دیکھنے والے نہایت محبت اور پیار کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:129

برہم ڈنڈی، بچ، کوٹھ ان سب کو خوب کوٹ کر باریک کرے اور پھر اتوار کے دن اس میں سے جس کو قدر ے پان میں کھلائے وہ اس کے تابع و فرمان ہو۔

گنجینہ ۔ طلسم نمبر:130

سوموار کے دن لال چرچٹا یعنی پٹھ کنڈا کو نیوتہ دے آئے اور کہہ دے کہ کل میں تم کو جس کارج کیلئے لے جاؤں گا وہ سدھ کرنا تھوڑے چاولوں کے دانہ اس جگہ ڈال آئے پس دوسرے روز جا کر اس کو جڑ سے اکھاڑ لائے اور اس کی جڑ کو بوقت حاجت کمر میں باندھے تو مدعا دلی پورا ہو۔

فراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:131

کپور، سہاگہ، پارہ برابر وزن لے کر سورج مکھی کے پھول کے عرق میں ان سب کو کھرل کرے اور پھر شہد میں ملا کر لیپ کرنے سے ایسا کنجوس و مسک ہو کہ دیکھنے والا عش عش کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:132

اتوار کے دن یکہ پنجتر میں سفید سرپھونکا کی جڑ لا کر کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کی سات تاریں لے کر اس میں اس کو باندھ کر بوقت حاجت کمر میں باندھے تو مسک ہو اس طرح یکہ پنجتر میں سفید کنیر کی جڑ لا کر کمر میں باندھنے سے مدعا دلی بر آتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:133

لاجونتی کی جڑ اور بیٹھ کیا کو تانبے کے برتن میں گھس کر رات کو آنکھوں میں بطور سرمہ لگائے تو بھی مدعا حاصل ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:134

سیندھور، املی کا پھل، شہد ہر سہ برابر وزن لے کر خوب حل کر کے لیپ کرنے میں طرف ثانی جلد مغلوب ہو جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:135

کنڈیاری کی جڑ کو باریک پیس کر ہاتھ پر لیپ کرے اور وہ ہاتھ کسی عورت کے جسم سے مس کر دے تو وہ فوراً اپنا آپ چھوڑ دے۔

گنجینہ طلسم نمبر:136

سیاہ مرچ۔ تخم دھتورہ۔ چنبیلی۔ لودھ ان سب کو کوٹ کر شہد میں حل کر کے لیپ کرے تو مطلوب مغلوب اور اپنی طاقت کو فوراً زائل کر دے۔

گنجینہ طلسم نمبر:137

بالچھڑ، بہیڑہ، کٹھ، اسگند، ستاور، ان پانچوں کو تلوں کے تیل میں پکا کر سست اعضاء کارفتہ پر مالش کریں تو چند روز میں طاقت مردمی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:138

پکھ نچھتر میں سفید آک کی جڑ اکھاڑ کر بازو پر باندھنے سے لوگوں میں عزت اور محبت بڑھتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:139

چاند گرہن میں اول چیتے کی جڑ لے کر اس کو شہد میں باریک پیس کر رکھ لیں اور پھر اس کا تلک پیشانی پر لگائیں تو دیکھنے والے موہت ہوتے ہیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:140

سورج گرہن یا چاند گرہن میں پاک صاف ہو کر شمال کی طرف سے سرپھونکا یا لودھ کی جڑ لا کر اس کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو قوت حافظہ بہت بڑھے اور عقل تیز ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:141

اتوار کو سرس کی جڑ لا کر اس کو پانی میں پیس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے دیکھنے والے اس سے ہیبت زدہ ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:142

اگر بروز اتوار یا منگل وار گھوڑے اور خچر کی دم کا بال ایک ایک لے کر اسکو زرد کوڑ میں سوراخ کر کے دونوں بالوں کو آپس میں پرو کر دست راست کے بازو پر باندھیں تو طرف ثانی اس کی طاقت سے حیران و ششدر ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:143

اتوار کو تلسی کے بیج میں سہد یوی کے رس میں پیس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/

سے دشمن بھی دوست بن جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:145

برہم ڈنڈی اور چتا یعنی مسان کی بھسم باہم ملا کر جس عورت کے جسم پر ڈال دیں وہ موہت ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:146

جب اتوار کو اماوس ہو گھگھو ایک جانور ہوتا ہے اس کا گوشت لے کر تھوڑا سا زعفران اور ان کے ہم وزن صندل سرخ ملا کر گولی بنائے اور سایہ میں خشک کرے پھر اس میں سے ایک گولی لے کر اس کو دھوپ دے کر مرد یا عورت کو پان میں کھلا دے وہ قابو میں آ جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:147

اتوار کو گھگھو کی زبان اور ڈھائی برگ نیم کے دونوں کو باریک پیس کر سرمہ بنائے اور آنکھوں میں لگائے تو جو شخص اس کو دیکھے اس پر فریفتہ ہو جائے عورتیں وشی بھوت یعنی محبت میں سرشار ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:148

اتوار کو اماوس کے روز گھگھو کی آنکھ اور بلی کی آنکھ لے کر اس میں پارہ، کیسر، بچ، رسوت، سرسوں، ناگ کیسر ملا کر سب کو باہم پیس کر مرگھٹ مسان میں گاڑ آئے اور پھر دوسرے اتوار کو وہاں جا کر اکھاڑ لائے پھر جس عورت کے سر پر ایک چٹکی سفوف اس میں سے ڈال دے۔ وہ اس کے مطیع اور محبت میں بے قرار ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:149

اتوار کی اماوس کو گھگھو کا کلیجہ، مین پھل، اسگندھ، گورچن، کیسر، چمگادڑ کی بیٹھ اور بھینسے کے سینگ اور کٹھ ان سب کو خوب برابر وزن لے کر باریک پیس کر گئو موتر میں حل کرے اور گولیاں بنا کر رکھ چھوڑے پس جب اس میں سے گولی کو گئو موتر میں گھس کر پیشانی پر اس کا تلک لگائے تو دیکھنے والے موہت ہوں جس محفل میں جا بیٹھے لوگ عزت زیادہ

کریں۔ محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:150

بروز سنیچر وار سیاہ زاغ کی زبان اور مسان کی خاک اور اس میں اپنے ہاتھ پاؤں کے ناخنوں کی راکھ اور مطلوب کے بائیں پاؤں کے تلوے کی خاک اور چورستہ کی خاک ان سب کو پیس کر بہ حفاظت رکھے اور بوقت ضرورت مطلوب کے سر پر تھوڑی سی ڈال دے پس وہ عورت محبت میں بے قرار ہوگی۔

گنجینہ طلسم نمبر:151

چیل کی آنکھ اور اس میں زعفران اور کستوری ملا کر مسور کے برابر گولی بنائیں اور بوقت ضرورت جس عورت کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلا دیں وہ محبت میں بے قرار اور ایسی موہت ہو کہ پھر اس کے بغیر نہ رہ سکے۔

گنجینہ طلسم نمبر:152

سفید رائی باریک پیس کر السی کے کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن زنبق میں خرگوش کی مینگنیاں حل کر کے چراغ میں ڈالیں اور روشن کریں۔ جس عورت کی نگاہ اس جلتی ہوئی بتی پر پڑے گی خوشی میں آ کر ناچنے لگے گی اور کثرت خوشی کی وجہ سے بے ہوش ہو جائے گی۔

……☆……

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
خوش جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 381

کیکڑا خشک کرکے روغن لفظ میں توے پر رکھ کر بھون لیں پھر ریزہ ریزہ کرکے اسی روغن میں جلائیں تو حاضرین مجلس کیا مرد اور کیا عورتیں سب کے سب ناچنے لگیں گے بہترین تفریحی عمل ہے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 382

حاضرین ایک دوسرے کو ٹیڑھی گردنوں اور جھکے ہوئے سروں سے دکھائی دیں

زعفران، لوہے کا برادہ دونوں کو باریک پیس کر روئی کی بتی میں لپیٹ کر مٹی کے چراغ میں رکھو روغن زیتون ڈال کر جلائیں اسکی روشنی میں جس قدر لوگ ہوں گے ان کو ایک دوسرے ٹیڑھی گردنوں والے اور سر جھکے ہوئے نظر آئیں گے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 383

حاضرین گدھے کی شکل میں نظر آئیں

انڈے کی زردی اور گدھے کے کان کا میل آپس میں حل کرکے اس میں السی کا نیا کپڑا آلودہ کریں اور پھر اس کپڑے میں سفیداج اور سفیدہ کاشغری لپیٹ کر بتی بنائیں اور چراغ میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو گدھے کے منہ والے نظر آئیں گے۔

......☆......

www.freeamliyatbooks.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:384

حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح دکھائی دیں

گدھے کے کان کی میل السی کے کپڑے پر اس طرح لگائیں کہ کوئی جگہ دونوں طرف سے خالی نہ ہو پھر نئے چراغ میں رکھ کر چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح بڑے بڑے دکھائی دیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:385

حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے زرد دکھائی دیں

گل سرخ عراقی کو عنب الثعلب کے پانی میں پیس کر کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن لادن میں تر کر کے جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے بہت زرد نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:386

حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے کتے کے مشابہ دکھائی دیں

کتوں کے بال اور ان کے کانوں کا میل گدھے اور بھیڑیے کے کانوں کا میل اور ان کی چربی آپس میں ملا کر اس مرکب میں السی کا نیا کپڑا آلودہ کر کے بتی بنا کر نئے چراغ میں رکھیں اور اس میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں اور اس کی روشنی میں حاضرین کو ایک

دوسرے کے چہرے کتے کے مشابہ نظر آئیں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:387

گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے

ازخر ایک اوقیہ بابونجے کے ایک اوقیہ پانی میں خوب باریک پیس لیں اور اتنا عرصہ پیستے رہیں کہ پیستے پیستے پانی خشک ہو جائے اب سمندر جھاگ، مگرمچھ کی چربی اور ویلمن مچھلی کی چربی یہ تینوں چیزیں آپس میں ملا کر ذرا گرم کر کے اس میں روئی بتی تین دفعہ تر کریں یعنی ایک دفعہ تر کریں جب خشک ہو جائے تو دوسری دفعہ پھر تیسری دفعہ پھر مذکورہ بالا سفوف کو اس بتی کے اندر رکھ کر بکری کی چربی میں جلائیں۔ جلانے سے پہلے سفوف مذکور کی دھونی بھی کرنی چاہیے۔ اس کے جلانے سے مکان کے اندر پانی بھرا ہوا دکھائی دے گا لوگ اپنے کپڑے سنبھالنے لگ جائیں گے اور باہر کو دوڑنے کی کوشش کریں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:388

خون خرگوش اور روغن گلاب کو آپس میں ملا کر چراغ میں ڈالیں اور سرخ روئی کی بتی چراغ میں ڈال کر جلائیں تو بھی گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:389

بتی جس کی روشنی میں ہر چیز سبز دکھائی دے

نئے پاکیزہ کپڑے کو دھو کر اس میں آٹا دور کریں اور اس پر نیل باریک پیس کر چھڑکیں بتی بنا کر نئے سبز رنگ کے چراغ میں ارنڈی کا تیل ڈال کر جلائیں جس مکان چراغ روشن ہو گا وہاں کی ہر چیز سبز دکھائی دے گی۔

راز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 390

تانبے کی تختی پر سرکہ ڈالیں اور رکھ چھوڑیں حتی کہ زنگ سا آ جائے پھر اس زنگ کو اگر آگ پر جلائیں تو تمام مکان کی چیزیں سبز دکھائی دیں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 391

بتی جس کی روشنی میں حاضرین ایک دوسرے سے متنفر ہو جائیں

کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے ایک حکیم صاحب کے پاس اپنے فرزند کی بابت شکایت کی کہ ان دونوں کو آپس میں بڑی گہری محبت ہے ایک گھڑی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے اس طرح کاروبار میں بڑا حرج ہو رہا ہے تو حکیم صاحب نے مندرجہ ذیل بتی ان کو دی اور کہا کہ جس کمرہ میں وہ اکٹھے بیٹھے ہوں وہاں رات کے وقت اس کو جلائیں اس بتی کی روشنی میں جب انہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو باہم متنفر ہوئے اور ایسے الگ ہوئے کہ پھر ایک دوسرے کا نام تک سننا گوارا نہیں کیا۔

ترکیب تیاری:

پرانی روئی کی سخت بتی بٹ کر اس پر خوب کس کر دھاگہ لپیٹیں تاکہ بتی اور بھی سخت ہو جائے پھر چراغ میں روغن کرنڈ ڈال کر جلائیں اس کی روشنی میں ناظرین کو ایک دوسرے کا چہرہ زرد، دانت سیاہ اور کان سبز دکھائی دیں گے اور نفرت پیدا ہو گی۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 392

دھونی جس کے کرنے سے درخت جھک جائے

گدھے کے سر کا مغز، سانپ کی ہڈیاں، انسان کی ہڈیاں سب ہم وزن لے کر باریک کوٹ کر آپس میں ملاؤ اور چالیس روز نمناک زمین میں دبائے رکھو پھر نکال کر خشک کرو پھر ایک حصہ یہ سفوف اور ایک حصہ انسان کی پرانی ہڈیاں ملا کر کوٹ لو جس درخت کے تلے اس کی دھونی دو گے اس کی شاخیں جھک آئیں گی حتی کہ زمین تک پہنچ جائیں گی جب تک دھونی دیتے رہو گے وہ اسی حالت میں رہیں گی۔

گنجینہ طلسم نمبر: 393

یہ دھونی متذکرہ بالا دھونی سے بہت بڑھ چڑھ کر ہے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ دیر کے مرے ہوئے انسان کی انگلیاں اور دانت اور باقی ہڈیاں درخت دین النہار کے پتے گل بستاں افروز اور قدرے شگوفہ حرما سب کو ملا کر باریک کوٹ لیں پھر اس مرکب کی دھونی ایک نہایت اونچے کھجور کے درخت کے تلے دو جب اسے دھواں پہنچے گا تو درخت ٹیڑھا ہو کر اس دھونی کی طرف آئے گا حتی کہ زمین کے قریب تک پہنچ جائے گا شرط یہ ہے کہ آگ بھی کھجور کے کوئلوں کی ہو گی۔

☆

www.freeamliyaatbooks.com
AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر: 394

حاضرین کو ایک دوسرے کے قد بڑے جسم دکھائی دیں

ڈولفن مچھلی کی چربی اور ہاتھی کی چربی آپس میں ملا دیں اور کا کنج ہندی کو خوب باریک پیس کر مذکورہ بالا چربی کے مرکب میں ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو ایک دوسرے بہت بڑے قد شکل ہاتھی گھوڑے کے دکھائی دیں گے۔

خوش فراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:395

سبز رنگ کی عجیب وغریب شکلیں نظر آئیں

پودینہ، لاجورد اور زنگار تینوں کو باریک پیس کر ڈولفن مچھلی کی چربی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو کمرے کے اندر عجیب وغریب سبز رنگ کی چیزیں نظر آئیں گی جنہیں دیکھ کر وہ دنگ رہ جائیں۔ بگلے اور گدھے کا خون خشک کر کے میعہ اور بھیڑیئے کی ہم وزن چربی میں ملائیں اور رات کے وقت کسی کمرہ میں اس کی دھونی دے کر سو جائیں اور جو بات معلوم کرنا چاہو اسکا دھیان رکھیں خواب میں مطلوبہ کام کا خیر و شر معلوم ہو جائے گا ایک صاحب نے اس کا تجربہ کیا انہوں نے لکھا ہے کہ میں نے اس کو صحیح پایا میں نے دفینہ معلوم کرنے کے واسطے اس عمل کو کیا لیکن کئی مرتبہ کی کوشش کے بعد کامیاب ہوا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:396

سمندر اور مگرمچھ ظاہر ہو

ازخر کھادی کی جڑ ایک اوقیہ کا پانی دو درم، فربیون تین درم، تخم توت پانچ درم، سمندر جھاگ پانچ درم ان تمام چیزوں کو خوب باریک کر کے مندرجہ ذیل چربی میں ملائیں مگرمچھ کی چربی درم ڈولفن مچھلی کی چربی ایک ایک مثقال کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت غرق شدہ کشتی کی پرانی لکڑیاں جلائیں اور ایک گولی اوپر رکھ کر دھونی دیں تو حاضرین محفل کو ایسا معلوم ہو گا کہ وہ دریا کے کنارے بیٹھے ہیں اور دریا سے مگرمچھ نکل کر انہیں کھانے کو دوڑتا ہے وہ اس سے ڈریں گے۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 397

جن بلانا



سفید کبوتر کا خون ایک حصہ خشک یعنی ایک حصہ بھیڑیے کی چربی ایک حصہ چراتہ ایک حصہ کو جدا جدا باریک کر کے آپس میں ملائیں گولیاں بنانے کی ضرورت نہیں بوقت ضرورت آبادی سے دور جا کر ویران جگہ میں رات کے وقت اس کی دھونی کریں تو جن حاضر ہو کر کلام کرتے ہیں اور جو سوال دریافت کیا جائے اس کا جواب دیتے ہیں ان سے ڈرنا نہیں چاہیے کیونکہ وہ دھونی دینے والے کے دوست ہوتے ہیں اسے ذرا بھی تکلیف نہیں دیتے بلکہ اس کی ہر ضرورت پوری کرتے ہیں۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:398

منزل عورت

سہاگہ سیماب ہر ایک چار ماشہ ایک لیموں میں بھر کہ منہ اس اچھی طرح سے بند کر دیں اور اس لیموں کو لے کر عورت کے آگے ہاتھ میں پکڑا دیں اور سونگھا دیں عورت منزل ہو جائے گی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:399

اندھیرے میں سب کچھ دیکھنا

الو کا سر کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں تر کر کے اس کو روشن کریں اور اس کے اوپر کچی پیالی رکھ کر کاجل اتار لیں جو شخص وہ کاجل آنکھوں میں لگائے اس کو اندھیرے میں سب کچھ نظر آئیں۔

……☆……

عجیب وغریب سرمے

گنجینہ طلسم نمبر:400

سرمہ جس کے لگانے سے روحیں نظر آئیں

اس سرمے کا نام اکمل اعظم یعنی سب سے اچھا سرمہ کیونکہ اس کے لگانے سے روحیں نظر آتی ہیں تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی آنکھ ہدہد کی آنکھ ابابیل کے تین بچوں کی آنکھیں ہرن کی آنکھ، بکرے کا پتہ، جنگلی سیاہ بلی کی آنکھ اور اس کا پتہ، ان سب کو ایسے مکان میں رکھ خشک کرو جہاں مرغ کی آواز نہ پہنچتی ہو جب خشک ہو جائیں تو باریک

www.freeamliyaatbooksnew.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

پیس لو اور ایسے شہد میں ملا کر معجون میں ملاؤ جسے آگ پر نہ رکھا گیا ہو پھر اس معجون کو جلائیں اور شیشے یا بن قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن سے اس کی کاجل حاصل کرو صبح کے وقت بیری کی لکڑی کی سرمچو بنا کر اس سے یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں گے تو جن دکھائی دیں گے اگر مجنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائی دے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 401

سرمہ جس کے لگانے سے جن دکھائی دیں گے اگر مجنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائی دے۔

سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 402

سرمہ جس کے لگانے سے جن دکھائی دیں

چیونٹیوں کے انڈے اور سبز مکھیوں کے سر کا مغز پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے۔

دیگر:

سیاہ بلی کا پتہ اور سیاہ مرغی کا پتہ دونوں کو خشک کر کے پیس لیں اس کے لگانے سے جن ہی جن دکھائی دیں گے بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ ان پتوں کو خشک کرنے کی ضرورت نہیں تازہ ہی ملا کر سرمچو سے آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 403

سرمہ جس کے لگانے سے خزانے نظر آئیں

ایک سیاہ بلی کو کوٹھڑی میں بند کر دو جب اسے اچھی طرح بھوک لگے تو دو سیر گائے کا گھی جبراً اسے پلاؤ اور اسے الٹا لٹکا کر نیچے برتن رکھو تا کہ وہ روغن اس کے حلق سے اس برتن میں ٹپکے پھر اس روغن کا کاجل اپاڑ کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آئیں گے۔

دیگر:

کوے کی زبان اور ہدہد کا دل سایہ میں خشک کر کے پیس لو اور ملہد میں ملا کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آنے لگیں گے۔

......☆......

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 404

سرمہ جس کے لگانے سے عجیب وغریب چیزیں نظر آئیں

سیاہ بلی کا پتہ مرغ کا خون خشک کر کے پیس لو اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگاؤ تو نہایت عجیب وغریب اشیاء مشاہدہ میں آئیں۔

⁂

گنجینہ طلسم نمبر:405

سرمہ جس کے لگانے سے دفینہ اور احوال غائب معلوم ہوں

کبوتر کا خشک خون معیہ اور بھیڑیئے کی چربی ہم وزن لے کر ملاؤ اور اس میں ہلیلہ زرد کو باریک پیس کر اور چھان کر ملاؤ اور بطور سرمہ لگاؤ اور سو جاؤ خواب میں مطلوبہ چیزیں نظر آئیں گی۔

⁂

گھر کی آگ بجھانا

جب کسی مقام میں آگ لگے تو ایک لوٹا پانی کا کنویں سے منگا کر آگ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور آگ سے انواع واقسام کی عاجزی کر کے یہ کہتا جائے کہ اے اگن دیوتا ٹھنڈی ہو جاؤ اور جب سانس اندر کو جائے تب لوٹے سے پانی پیتا جائے آگ بجھ جائے گی۔

خوش جیوے سرفراز
شاہ وچ مانچسٹر

عجیب وغریب روشنیاں

گنجینہ طلسم نمبر:406

لکھا ہوا انڈے کی سفید پر ظاہر ہو

راک مہندی کو پانی میں حل کر کے انڈے پر لکھو پھر دھوپ میں یا آگ پر رکھ کر خشک کر دو دو تین مرتبہ ایسا ہی کرو اب انڈے پر کچھ ظاہر نہ ہوگا لیکن جب انڈے کو ابال کر توڑا جائے گا تو وہی حروف انڈے کی سفیدی پر ظاہر ہوں گے جو کسی طرح بھی نہ مٹ سکیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:407

لکھا ہوا سلور معلوم ہو

سرخ یا نیلے رنگ کے کاغذ پر لکھا جاتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چاندی سے لکھا گیا ہے ترکیب یہ ہے کہ پارہ لے کر اس کو کھرل میں ڈالو اور اس میں پسی ہونسپال ڈال کر خوب باریک پیسو پھر تھوڑا پانی ملا کر پیسو جب پانی گندا ہو جائے تو اس کو گرا کر اور پانی ڈالو اور پیسو اسی طرح جاری رکھو یہاں تک کہ سفوف سفید رنگ کا ہو جائے اور میل بالکل نہ رہے پھر اس میں گوند کا پانی ملا کر لکھو اور خشک ہو جانے پر کوڑی سے رگڑ کر چمکا دو چاندی کی طرح سفید چمک دار نظر آئے گا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:408

لکھا ہوا صرف آگ سے گرم کرنے پر دکھائی دے

نوشادر تازہ دودھ میں حل کر کے اس سے کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن اگر کاغذ کو آگ پر گرم کیا جائے تو حروف سیاہ نظر آئیں گے۔

دیگر:

☆ نمک کو پانی میں گھول کر اسے گرم کریں خشک ہونے پر کچھ دکھائی نہ دے گا لیکن آگ کے سامنے رکھنے سے حروف فاختی نظر آئیں گے۔

☆ پیاز کے پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہو جانے پر دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سبز نظر آئیں گے۔

☆ اگر دودھ سے کاغذ پر لکھیں گے تو خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے زرد حروف نمودار ہوں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:409

عجیب آئینہ

اگر آئینہ کو کتے یا مینڈک کا خون لگا دیا جائے تو جو کوئی اس آئینہ میں دیکھے اسے اپنا منہ کتے کا سا نظر آئے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:410

حمام سرد کر دینا

اگر چاہے کہ حمام سرد ہو جائے تو چقندر کے پتے اور عقرقرحا دونوں پیس کر حمام

کے پانی بہنے کی جگہ یعنی نالی میں ڈال دے حمام فوراً سرد ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 411

ہاتھ آگ میں نہ جلے

گیرو، پھٹکری اور ابرک تینوں ہم وزن لے کر سرمہ میں پیس کر ہاتھ میں لگاؤ اور آگ میں ہاتھ ڈالیں ہاتھ نہ جلے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 412

بھڑ کو مارنا اور پھر زندہ کرنا

ابن زہیر لکھتا ہے کہ اگر بھڑ پر مٹی کا تیل چھڑک دیا جائے تو وہ مر جاتی ہے اور پھر اگر اس پر سرکہ چھڑک دیا جائے تو زندہ ہو جاتی ہے۔

☆ رائی اور کھجور کو باریک کر کے پانی میں بھگوئیں تین روز کے بعد اس سے کاغذ پر لکھیں اور حروف خشک کریں حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سرخ خط نمودار ہو گا۔

☆ لیموں کے پانی سے کاغذ پر لکھیں کچھ نہ پڑھا جائے گا لیکن آگ پر گرم کرنے سے حروف سرخ نمودار ہوں گے۔

نوٹ: اگر لیموں نہ ملے تو نارنگی بھی استعمال ہو سکتی ہے۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

www.freeamliyatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:412

لکھا ہوا صرف پانی میں ڈالنے سے پڑھا جائے

پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن پانی میں ڈالنے سے حروف سفید نظر آئیں گے۔

دیگر:

چونہ کو پانی میں گھول کر لکھنے سے بھی یہی کیفیت ظاہر ہوتی ہے تجربہ شرط ہے آپ یہ کام سفید صابن سے بھی کر سکتے ہیں صابن سے لکھیں اور پانی میں ڈالیں۔

.......☆.......

www.freeurdubookspdf.com

گنجینہ طلسم نمبر:413

لکھا ہوا صرف رات کے اندھیرے میں پڑھا جائے

سیاہی میں کبوتر کا خون ملا کر حل کر لیں اور اس سے کاغذ پر لکھیں تو لکھا ہوا دن کے وقت نہ پڑھا جائے گا۔

☆ چیتے سیاہ کتے اور بازار کے پتے باہم ملا کر اس سے کاغذ پر لکھیں دن کو ہرگز نہ پڑھا جائے گا لیکن رات کے وقت بخوبی روشن ہوگا اور حروف سنہری نظر آئیں گے۔

☆ دیا سلائی کا مصالحہ (سرخ رنگ والا) پانی میں حل کر کے اس سے سفید کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر دکھائی نہ دے گا لیکن جب اندھیرے میں جا کر پنکھے سے ہوا دو گے تو تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

.......☆.......

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:414

لکھے ہوئے کی جگہ بال اگ آئیں

ساس دوا سے اگر جسم انسانی کے حصے پر لکھیں تو وہاں اسی جگہ بال اگ آئیں گے اور تمام لکھا ہوا بخوبی پڑھا جائیگا۔ ترکیب تیاری حسب ذیل ہے کہ کمون اسود، روغن زیرہ سیاہ اور روغن زیتون کو ملا کر اس سے جس عضو پر لکھو گے وہاں اگ آئیں گے اور لکھا ہوا صاف نظر آئے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:415

لکھا ہوا صرف پانی پر کھڑے ہو کر پڑھا جائے

سیاہی میں بورا مرچ ملا کر دونوں کو روغن زیتون میں پیس کر اور اس مرکب سے کاغذ پر لکھو حروف نظر نہ آئیں گے لیکن پانی پر کھڑے ہو کر پڑھنے سے تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:416

لکھا ہوا پتھر پر ظاہر ہو

اس سیاہی سے پتھر پر حروف لکھ سکتے ہیں ترکیب یہ ہے کہ سرخ رنگ کا نرم پتھر لو اور اس کو آگ پر گرم کر کے اس پر موم سے لکھو تین دن رات تیز سرکہ میں پڑا رہنے دو بعد ازاں نکال کر لکھو گے مطلب حل ہو گا۔

☆

www.freeamliyaatbooksdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

خوش جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 417

لکھا ہوا دھوپ میں نمایاں ہو

کاسٹک پانی میں حل کر کے اور رقیق کر کے کاغذ پر لکھیں کچھ پڑھا نہیں جائے گا لیکن دھوپ میں رکھنے سے حروف سیاہ نمودار ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 418

لکھا ہوا پانی کے چھینٹے دینے سے سفید ظاہر ہو

گڑ گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں اور تمام کاغذ پر کاجل خوب اچھی طرح سے مل دیں کہ سارا سیاہ ہو جائے اب جب کرشمہ دکھانا ہو تو یہ کالا کاغذ لوگوں کو دکھا کر اس کے چھینٹے دیں حروف سفید ہو جائیں گے باقی جگہ سیاہ ہی رہے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 419

فریب زدہ روشنائی

چند مازو لے کر ایکوا فورٹس میں ابالیں بعد میں تھوڑا سا گوند کیکر اور ذرا سا سلفیورک ایسڈ (گندھک کا تیزاب) ڈالیں اس روشنائی سے جو مرضی چاہے لکھیں دو چار منٹ بعد لکھا ہوا غائب ہو جائے گا کاغذ سفید رہ جائے گا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:420

حروف آگ دکھانے سے سبز ظاہر ہوں

نائٹریٹ سے لکھ کر خشک کرلیں تو کچھ پڑھا نہ جائے گا لیکن آگ دکھانے سے حروف سبز نمودار ہوں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:421

چراگاہ میں گائے نہ آئے

اگر یہ تماشہ دکھانا ہو کہ چراگاہ میں گائے ہرگز نہ آئے تو اس جگہ بھیڑیئے کی دم لٹکا دیں اور گائے کو اس کی طرف لے جائیں ہرگز نہ جائے گی بھوکی رہنا منظور کرے گی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:422

مکھیوں کو آواز دے کر جمع کرنا

یہ تماشا بھی عجیب وغریب ہے، بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی شکل کا بت تانبے کا بنائیں اور اندر سے کھوکھلا رکھیں اور اس میں بھیڑیئے کا ذکر رکھ دیں اور ایک جگہ رکھ کر مکھیوں کو آواز جن جن مکھیوں کو آواز پہنچے گی وہاں آکر جمع ہو جائیں گی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:423

تمام مکان سرخ معلوم ہو

حکیم نور اسلام لکھتا ہے کہ بیر بوٹی کو گلاب میں [illegible] کر روئی تر کر کے بتی بنالیں

اور چراغ میں تل کا تیل ڈال کر رکھ دیں تمام گھر سرخ معلوم ہوگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:424

بچھو پکڑنا

تخم حماض کھا کر اگر کوئی شخص بچھو کو پکڑ لے تو کوئی ضرر نہ ہو بے شک وہ ڈنک مارے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:425

دھواں لگنے سے کانچ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے

ابن زہیر لکھتا ہے کہ جس کمرے میں کانچ ہو اگر وہاں جونک کی دھونی دی جائے تو کانچ دھواں لگنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:426

سرکہ دیکھتے دیکھتے شراب بن جائے

اگر سرکہ میں چقندر کے پتے کا پانی ڈال کر رکھ دیں تو چار گھڑی میں شراب بن جاتی ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:427

لکھے ہوئے کاغذ کو سفید کر دینا

اگر لکھے ہوئے حروف پر سنگ، تیکھور ملیں تو حرف اس طرح محو ہو جائیں گے کہ

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S

دیکھنے والا کہے گا کہ کبھی لکھا ہی نہیں گیا تھا اور کاغذ بالکل کورا ہے۔

⁂

گنجینہ طلسم نمبر:428

شراب دیکھتے ہی دیکھتے سرکہ بن جائے

عجیب وغریب ہے شراب لے کر اس میں چقندر کے پتوں کا پانی ڈال دیں وہ گھڑی پڑی رہنے دیں سرکہ بن جائے گا۔

⁂

گنجینہ طلسم نمبر:429

کبوتر کو بھگانا

اگر کبوتر کے رہنے کی جگہ سنگ کلب ڈال دیا جائے تو وہ جگہ چھوڑ کر چلے جائیں۔

⁂

گنجینہ طلسم نمبر:430

مجلس میں شور وغوغا برپا کرنا

اگر مجلس میں سنگ کلب ڈال دیا جائے تو وہاں کے آدمی بہت کھیل کود اور شور وغوغا شروع کر دیں گے۔

⁂

گنجینہ طلسم نمبر:431

منہ میں آگ جلانا

اگر عقرقرحا اور نوشادر ہموزن باریک پیس کر منہ کے اندر چاروں طرف خوب مل

www.freeamliyaatbooksnet.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S

کر پھر منہ میں آگ رکھیں تو ہرگز نہ جلے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:432

کینچوے پیدا کرنا

چھل جو ایک قسم کا درخت ہے کثیر الوجود۔ اس کے پتے لے کر زمین میں گڑھا کھودیں اور اس میں بھر دیں اور اوپر مٹی ڈال کر پانی ڈالیں کینچوے پیدا ہو جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:433

اگر کسی برتن میں گائے کی چربی لگا دی جائے اور اس کو کمرہ میں رکھ دیا جائے تو اس کمرہ کے تمام پسو اس برتن میں جمع ہو جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:434

گھوڑا لنگڑانے لگے

اگر کسی چوپائے کا پاؤں گھوڑے کی دم سے باندھ دیں تو لنگڑانے لگے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:435

سرکہ میٹھا ہو جائے

اگر سرکہ میں ذرا سا مردار سنگ ملا دیا جائے تو میٹھا ہو جائے اور ترشی جاتی رہے۔

☆

www.freeamliyatbooks.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

از شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:436

مردہ مکھی زندہ ہو جائے

اگر مری ہوئی مکھی پر فوراً لوہے کا میل ڈال دیا جائے تو وہ مکھی زندہ ہو جائے گی۔

...... ☆ ......

گنجینہ طلسم نمبر:437

چراغ کی روشنی میں جو آئے بغیر سر دکھائی دے

ابن زہیر لکھتے ہیں کہ ہری مکھی لے کر اس کا سر جدا کر کے مٹی یا ہرے کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنا کر سبز حل کے تیل کے روشن کیا جائے تو مکان میں جو ہوگا بغیر سر دکھائی دیگا۔

...... ☆ ......

گنجینہ طلسم نمبر:438

مینڈک کا بولنا بند کر دیں

اگر کسی جگہ مینڈک بول رہے ہوں اور ان کو چپ کرانا ہو تو مگرمچھ کی چربی میں گھی ملا کر چراغ میں ڈال کر بتی روشن کر کے اس جگہ رکھ دیں تمام چپ ہو جائیں گے جب چراغ وہاں سے اٹھا لو گے تو بے شک بولنا شروع کر دیں۔

...... ☆ ......

گنجینہ طلسم نمبر:439

بغیر آگ کے گوشت کی ہانڈی پکے

ہانڈی میں گوشت اور مصالحہ وغیرہ بھر کر اس میں بورہ (جو ایک قسم کا نمک ہے) ڈال دیں تو ہانڈی بغیر آگ کے پکنے لگے گی۔

فراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 440

کپڑا آگ میں نہ جلے

کتان کا کپڑا شلغم کے پانی میں دھو کر اس پر انڈے کی سفیدی میں ٹھیکری کا سفوف ملا کر رکھ دیں یہ کپڑا آگ میں نہ جلے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 441

کتا ناچنے لگا

اگر دار چینی باریک پیس کر آٹے میں ملا کر کتے کو کھلا دیں تو وہ ناچنے لگا گا۔

نوٹ: ایک دوسری کتاب میں لکھا ہے کہ اس آٹے کی روٹی پکا کر کھلانی چاہیے، کتا ناچے گا بھی اور روئے گا بھی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 442

ہانڈی کا جوش بند ہو جائے

جنگلی مینڈک کو خشک کر کے اس کی بڑی ہڈی لے کر ابلتی ہوئی ہنڈیا کے ڈھکنے پر رکھ دو تو ابلنا فی الفور بند ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 443

کچے دھاگے سے سخت ہڈی کاٹنا

روئی کا کچا نازک دھاگے لے کر نمک اور [illegible] سے تر کر کے خشک کر لیں

پھر اسے ہڈی پر پھیر دو ہڈی کٹ جائے گی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 444

جو سونگھے رونے لگے

سفید پھٹکری روغن بادام یا روغن گل یا روغن زنبق میں ملا کر مٹی یا کسی خوشبودار چیز میں ملا کر یہ مرکب جسے سونگھاؤ گے فی الفور رونے لگ جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 445

برتن میں سے آواز آئے

جو ناریل اور مہندی کو کوزے میں ڈال کر اس کا منہ خوب اچھی طرح سے بند کر دو پھر اس میں قدرے پارہ اور گندھک ڈال کر مٹی سے بند کر دو بھاری آواز اس سے آئے گی۔

دیگر:

جو ناریل مہندی لے کر اس میں چھوٹا سا سوراخ کر کے اس کا تمام مغز نکال ڈالو پھر اس میں قدر پارہ اور گندھک اور زنگار ڈال کر مٹی سے منہ بند کر کے خشک کر کے آگ پر رکھو تو اس میں سے عجیب و غریب قسم کی آواز پیدا ہوگی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:

بے جان بچھڑا بولے

ایک بچھڑے کا بت کسی چیز کا بنائیں اور اندر سے خالی رکھیں اس میں ایک

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOK www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مینڈک رکھ کر تمام سوراخ بند کر دو صرف ناک کے سوراخ کھلے رکھو بعد ازاں تھوڑی سے گندھک اس کے ناک کے سامنے جلاؤ جب اس کا دھواں مینڈک کو پہنچے گا تو عجیب قسم کی آواز کرے گا دیکھنے والا کہے گا کہ بچھڑا بول رہا ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:446

کپڑا آگ میں نہ جلے

شنگرف زعفران اور گلاب تینوں حل کر کے اس میں کپڑا بھگو لو اور اس کپڑے میں پتھر اور کافور لپیٹ کر اس کو آگ میں پھینک دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔ بلکہ آگ بجھ جائے گی۔

☆ باریک کپڑا لے کر اسے کسی دھات کی پیالی کے پیندہ پر خوب کس کر پھیلاؤ کہ شکن ہرگز نہ رہے پھر اس پر آگ کا دہکتا ہوا کوئلہ رکھ دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:447

پکی ہوئی مچھلی تھالی میں اچھلے

ایک ریٹھا لے کر اس کو اندر سے خالی کر دو اور اس میں پارہ ڈال کر منہ اچھی طرح سے بند کر کے پکی ہوئی مچھلی گرم گرم میں ریٹھا رکھ کر مچھلی تھالی میں رکھ دو مچھلی اچھلے گی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:448

بھنا ہوا پرندہ تھالی میں آواز دے

پرندے کو ذبح کر کے اس کو صاف کر دو اور اس کے گلے میں تھوڑا سا مغز ناریل رکھ کر تنور میں لٹکا کر بھون لو جب تھالی میں رکھو گے تو آواز دے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر: 449

ذائقہ دور ہو

اگر کوئی آدمی عناب کی پتی چبا لے تو پھر خواہ کوئی چیز کھائے ہرگز ذائقہ نہ معلوم ہوگا۔ حتی کہ مصری کی ڈلی بھی پھیکی معلوم ہوگی اگر اس کا اثر زائل کرنا چاہو تو ترش شہد یا رائی کو پانی میں ملا کر اس سے کلی کراؤ۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 450

گدھے کو بے ہوش کرنا

کریلا گدھے کے گلے میں باندھنے سے گدھا فی الفور بے ہوش ہو جاتا ہے جب اتار لیں تو ہوش میں آجاتا ہے۔

☆ ہزار پایا نامی جانور گدھے کے کان میں رکھنے سے گدھا ایسا بے ہوش ہوتا ہے کہ گویا مردہ ہے جب اس کے کان سے نکال لیں تو ہوش میں آجاتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 451

لوگ خوامخواہ ہنسیں

جس جگہ گدھا لیٹا ہو وہاں کی تھوڑی سی مٹی اٹھا کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت یہ مٹی دستر خوان کے نیچے بچھا دیں جتنے لوگ بیٹھے ہوں گے بہت ہنسیں گے اور ہنسی کے مارے کھانا نہ کھائیں گے۔

☆ خرگوش کی مینگنی آگ پر رکھیں تو حاضرین سے ایسی حرکات سرزد ہوں گی جو ہنسی کا موجب ہوں گی۔

سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:452

پانی دیکھتے دیکھتے فالودہ بن جائے

کتیرا گوند، زعفران اور کھانڈ تینوں مناسب مقدار میں لے کر باریک پیس کر رکھ لیں بوقت ضرورت صاف پانی کا بھرا ہوا گلاس لے کر لوگوں کی نظر بچا کر اس میں سفوف مذکور چھوڑ دو اور کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دو ایک گھڑی بعد گلاس پر سے کپڑا اٹھا دو نہایت صاف فالودہ جما ہوگا خود کھاؤ لوگوں کو کھلاؤ خوش ذائقہ ہوگا۔

☆ چائنا گراس باریک پیس کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑی سی پانی کے گلاس میں ڈال کر گلاس کو رکھ دیں تھوڑی دیر بعد فالودہ تیار ہوگا۔

…… ☆ ……

گنجینہ طلسم نمبر:453

سونا؛ چاندی بن جائے

ملک جاپان کے ٹھگ پچھلے وقتوں میں ایسا کیا کرتے تھے کہ جب کوئی شخص سونے کا زیور ان کے پاس فروخت کرنے آتا تو وہ آزمائش کے بہانے آہستہ بکن گھاس کے عرق میں زیور گرم کر کے مل دیا کرتے تھے وہ چاندی بن جایا کرتا تھا۔

…… ☆ ……

گنجینہ طلسم نمبر:454

خشک پھول تازہ کرنا

چنبیلی کا غنچہ توڑ کر ان کی ڈنڈیوں پر موم لگا کر پانی میں کوئلوں کو پیس کر اس پر وہ غنچہ رکھ چھوڑیں اور سایہ میں خشک کریں۔ جب پھول درکار ہوں تو موم ڈنڈیوں سے چھڑا کر غنچہ کو پانی میں چھوڑ دیں اور ہوا میں رکھ دیں تھوڑے عرصہ میں بالکل تازہ پھول بن

جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 455

منہ میں کافور جلانا

کافور کی ٹکیہ لے کر اس کے نیچے نوشادر اور مٹی کی ٹکیہ بنا کر چسپاں کریں اور ملا کر منہ میں رکھ لیں زبان کو ہرگز تپش نہ پہنچے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 456

منہ میں آگ رکھنا

کافور اور عاقرقرحا منہ میں چبا کر تھوڑی دیر منہ میں رکھیں اور پھر دیوار کی لکڑی کا ایک کوئلہ میں رکھیں پھر باہر نکال دیں منہ ہرگز نہ جلے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 457

منہ سے آگ کے شعلے نکالنا

منجھ کی رسی لے کر چاقو یا قینچی سے خوب باریک رگڑ لیں اور پارچہ کھدر کی کتر لے کر اس میں کتری ہوئی منجھ رکھ کر پوٹلی بنا لیں اور دھاگے سے منہ ڈھیلا کر کے باندھ دیں اور آگے بڑھی ہوئی کتر پیچھے الٹا دیں آگے سے منجھ نظر آنے لگے گی۔ اس پر ایک چنگاری آگ کی رکھ کر پوٹلی کو منہ میں ڈال لیں صرف اس کا منہ باہر رہے اور خوب زور سے سانس کو اندر باہر کھینچو گر اندر کے راستے لو اور منہ کے راستے باہر نکالو پھر دھواں اٹھے گا پھر شعلے نکلیں گے اگر اس کا دھواں اندر بھی چلا جائے گا تو کوئی حرج نہیں۔ پارچہ کھدر و جشتر پانی میں

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تر کر لینا چاہیے۔

…… ☆ ……

گنجینہ طلسم نمبر: 458

طلسمی سانپ

گندھک ڈیڑھ چھٹا نمک کافور ۵ تولہ ان چاروں کو علیحدہ پیس کر باہم ملا کر رقیق سریش ملائیں اور خوب پیس کر ایک رتی پھٹکری ملا لیں اور رکھ لیں بوقت ضرورت ایک بتی کو آگ دیں وہ سانپ بن جائے گا۔

…… ☆ ……

گنجینہ طلسم نمبر: 459

پانی میں آگ جلے

ایک کافور کی ٹکیہ لے کر اس کو آگ لگا کر پانی میں چھوڑ دیں تو جلتی رہے گی لوگوں کو معلوم ہوگا کہ پانی جل رہا ہے۔

…… ☆ ……

گنجینہ طلسم نمبر: 460

چراغ آندھی میں بھی جلتا ہے

سن سے تیار کردہ کپڑے کو نمک کے پانی میں تر کر کے خشک کر لیں پھر اس کپڑے کو موم بتی کے گرد لپیٹ دیں اور موم بتی کو روشن کریں آندھی میں بھی جلتی رہے گی۔

…… ☆ ……

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

کنجینہ طلسم نمبر: 461

فوراً درخت اگانا

تلسی کے بیج، تخم کتوم کے تیل میں ملا کر مٹی کے برتن میں ڈالو اور اوپر تھوڑی مٹی بکھیرو، آٹھوں پہر کے بعد نکال کر حفاظت سے رکھ دو بوقت ضرورت ان کو زمین میں کھود کر بو دیں اور اوپر پانی ڈالیں ایک گھنٹہ کے بعد پودا اگ آئے گا۔

……☆……

کنجینہ طلسم نمبر: 462

پھولوں کا رنگ تبدیل کرنا

پھول کو گندھک کا دھواں دیں رنگ بدل جائے گا پھر اصلی حالت پر لانا چاہیں تو گڑ کا دھواں دیں۔

☆ نوشادر اور چونہ کو پانی میں حل کر کے پھولوں میں لگانے سے بھی پھولوں کا رنگ بدل جاتا ہے اور پانی میں تھوڑی دیر رکھنے سے اصلی حالت پر آ جاتے ہیں۔

……☆……

کنجینہ طلسم نمبر: 463

چھلے کا ناچ

ایک چھلہ اس قسم کا بنواؤ جو اندر سے خالی ہو اس میں پارہ بھر دیں اور منہ اچھی طرح بند کر دیں اب چھلے کو گرم کر کے میز پر رکھیں تو چھلہ خوب ناچ کرے گا۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 464

پانی خون بنجائے

شطرنج جو ایک مشہور چیز ہے ایک عدد لے کر زبان کے نیچے رکھ لیں اور ایک پیالہ پانی کا لا کر با احتیاط اور صفائی کے ساتھ اس کا لعاب ڈال دیں تمام پانی سرخ رنگ کے مانند خون ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 465

کاغذ سے تحریر مٹانا

نوشادر، سہاگہ، سنکھیا، ہم وزن ملا کر حروف کے اوپر مل کر دھوپ میں رکھ دیں تو حروف اڑ جائیں گے۔

نوٹ: سنکھیا ایک زہریلی چیز ہے لہٰذا احتیاط کریں۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 466

بغیر آگ جوار بھوننا

تھوڑی سی جوار لے کر تین شبانہ روز پانی میں تر رکھیں اور خشک رکھیں اور احتیاط سے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑے دانے لے کر تمام حاضرین کو دکھا کر مٹھی میں خوب بند کر لیں ہاتھ کی گرمی سے بھن جائیں گے لیکن کھانے نہیں چاہئیں۔

……☆……

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 467

جادو کا نشانہ

اگر بندوق میں بجائے گولی کے پارہ ڈال کر اور بندوق کے آگے کپڑا تان کر کسی جگہ نشانہ کریں تو نشانہ بالکل درست آئے گا لیکن کپڑا محفوظ رہے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 468

انڈے کو بوتل میں ڈالنا

پہلے چند روز انڈے کو سرکہ میں بھگو دیں جب بالکل نرم ہو جائے تو اس کو بوتل کے منہ میں ڈال دیں وہ اندر چلا جائے گا پھر اس کو سرد پانی سے بھر دیں دو تین دن بعد سخت ہو جائے گا۔ اب پانی میں دیکھنے والے حیران ہوں گے انڈا بوتل میں کیسے چلا گیا۔

اگر انڈے کو پھر نکالنا ہو تو دو تین دن کیلئے بوتل میں سرکہ ڈال دیں نرم ہو جائے گا۔ تو پھر نکال لیں۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 469

دو مرغ لڑائی میں جدا نہ ہوں

ایک مرغ کی آنکھ میں سنگ مقناطیس باریک کر کے ڈال دیں اور دوسرے کی آنکھ میں برادہ آہن باریک شدہ ڈال دیں یہ دونوں مرغ ایک دوسرے سے خوب لڑیں گے اور جدا نہ ہوں گے۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاد وچ مانچسٹر

FREE AMLIYAAT BOOKS www.freeamliyaatbooks.blogspot.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر: 470

چور پکڑنا

یہ دراصل شعبدہ ہے اس ترکیب سے بعض بناوٹی فقیر چوروں کو پکڑتے ہیں وہ ایسا کرتے ہیں کہ پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس سے سفید کاغذ کے ایک پرزے پر ایک نام لکھ لیتے ہیں خشک ہونے پر کچھ نظر نہیں آتا اور بہت سے کورے پرزے ملا لیتے ہیں پھر ان پرزوں کو لے کر ان لوگوں کے درمیان بیٹھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم ابھی چور کا نام معلوم کر لیں گے دکھاوے کیلئے پڑھتے جائیں گے اور آگ کے آگے پرزوں کو پھینکتے جاتے ہیں اچانک جب وہ پرزہ جس پر کچھ لکھا ہوا ہے جب آگ کے آگے کیا جاتا ہے تو اس پر حروف نمودار ہو جاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ بس ہم نے معلوم کر لیا ہے صبح کو نام ظاہر کر دیں گے جو چور ہوتا ہے اس کے دل میں ڈر پیدا ہو جاتا ہے اور وہ راتوں رات ہی خود کو فقیر کے حوالے کر کے توبہ کرتا ہے اس طرح مال برآمد ہو جاتا ہے۔

نوٹ: عام طور پر پرزے پر کوئی نام نہیں لکھتے بلکہ خاص نشان بنا لیتے ہیں تا کہ کوئی دوسرا آدمی پڑھ نہ سکے۔ خاص علم ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 471

کپڑا نہ جلے

پھٹکری، نمک، سفیدی بیضہ مرغ، پھٹکری اور نمک ہم وزن لے کر خوب پیسیں اور سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر کپڑے پر لیپ کریں اس کپڑے کو خشک کر کے اس پر آگ کا دہکتا ہوا انگارہ رکھیں تو کپڑا نہ جلے گا۔

……☆……

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 472

کپڑے سے شعلے نمودار ہوں

یہ بھی عجیب طلسم ہے عام طور پر شعبدہ باز اس پر خوب اکڑاتے ہیں لیکن بات کچھ بھی نہیں ترکیب تیاری یہ ہے:

سپرٹ آف وائن اصلی درجہ اول ایک اونس لے کر شیشی میں بند کریں اور اس میں اڑھائی ماشہ پھٹکری باریک پیس کر ڈالیں اور فوراً ہی دیا سلائی لگا دیں کپڑے میں سے خوب شعلے نکلیں گے لیکن کپڑا اٹھاؤ گے تو وہ محفوظ ہوگا۔

لوٹ: یہ شرط ہے کہ سپرٹ اعلیٰ درجہ کی ہو۔ گھٹیا اسپرٹ کے استعمال سے کپڑے کے جل جانے کا خطرہ ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 473

کپڑا سادہ پانی ڈالنے سے رنگ بدلے

پہلے کپڑے کو پانی میں خوب زرد رنگ دو اور با حفاظت رکھو، پھر چونا، بجھا کر پانی میں ڈالو اور پڑا رہنے دو اوپر کا مقطر پانی لے کر ایک بوتل میں میں جمع کر لو بوقت ضرورت رنگا ہوا زرد کپڑا سب کو دکھائیں اور چونے کا پانی جو بالکل پانی معلوم ہو ڈبو دیں تو کپڑے کا رنگ فوراً تبدیل ہو جائے گا جس کو دیکھ لوگ بہت حیران ہوں گے اب کپڑے کو بھنگ کے پانی میں ڈال دیں تو پھر اصل رنگت پر آجائے گا لیکن لوگ مزید حیران ہوں گے۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:474

دو رنگ کا کپڑا

ایک سفید موٹا کپڑا لے کر پہلے اس کو پانی میں دھوئیں تا کہ آٹا وغیرہ سے پاک ہو جائے پھر قرانس درخت کی جڑیں خوب باریک پیس کر پانی میں ملائیں اور پانی کو چھان کر اس میں مذکور کپڑے بھگو کر خشک کر لیں اب کپڑے میں پھٹکری کے پانی میں جو نقش و نگار اپنی مرضی چاہیں تحریر کریں اور خشک کر کے چھوڑ دیں خشک ہونے پر کچھ نہ ہوگا اور سفید کپڑا دکھائی دے گا۔

جب تماشہ دکھانا ہوا تو مجیٹھی رنگ کو پانی میں جوش دیں جو کچھ آپ نے پھٹکری کے پانی سے تحریر کیا تھا وہ صاف ظاہر ہوگا باقی تمام کپڑا سفید رہے گا دیکھنے والے حیران ہوں گے یہ ترکیب علاوہ شعبدہ بازی کے رنگریزوں کیلئے بھی نہایت منافع رساں ہے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر:475

ہتھیلی پر سرسوں جمانا

اول سرسوں کو دودھی گھاس کے عرق میں بھگو کر چار پہر تک سایہ میں خشک کریں اس کے بعد اس پر پانی کا چھینٹا دے کر ہاتھ پر مٹی رکھ کر اس پر بو دے تو ضرور سرسوں جم جائے گی۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر:476

پانی دودھ بن جائے

ارنڈ کی گری پانی میں پیس کر ہتھیلی کے اندر کی طرف اردگرد اس کا لیپ کیں

اور خشک کر کے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت سب کو دکھا کر اس میں پانی ڈالیں تو عین مثل دودھ معلوم ہوگا۔

⋯⋯☆⋯⋯

گنجینہ طلسم نمبر: 477

پیٹ میں اناج بوئے

منگل یا اتوار کے دن چکور نر کو ہانڈی میں بند کر کے کسی کھیت کی شمال کی طرف دبا دیں تو کوئی اس کھیت کے غلے کو جبراً کھائے گا اس کے پیٹ میں وہ اناج بونے لگے گا اس ترکیب سے چور پکڑا جائے گا۔

⋯⋯☆⋯⋯

گنجینہ طلسم نمبر: 478

چھلنی میں سے پانی نہ گرے

چھلنی میں سے سات بار گھیکوار کا گودا ملکر سایہ میں خشک کر کے اب اس میں پانی ڈالیں تو پانی ہرگز نہ گرے گا۔

عملیات بکس فری
FREE AMLIYAAT BOOKS

⋯⋯☆⋯⋯

گنجینہ طلسم نمبر: 479

کپڑا پانی میں ہرگز تر نہ ہوگا

عرق برگ بوئے تلخ میں تین بار کپڑے کو تر کر کے سائے میں خشک کر کے اگر اس کپڑے پر پانی ڈالے تو کپڑا تر نہ ہوگا۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

⋯⋯☆⋯⋯

گنجینہ طلسم نمبر: 480

بجھا ہوا چراغ روشن ہوگا

اگر چراغ بجھ گیا ہو اور بتی قدرے چمکتی ہو اس پر گندھک پیس کر چھڑک دے چراغ روشن ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 481

پھول ظاہر ہوتے ہیں

تیل دھتورہ، تیل الکول دونوں میں فتیلہ تر کرکے جلادے پھول ظاہر ہوں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 482

روشنی میں سانپ نظر آئیں

سانپ کی کینچلی کی چار بتیاں بنا دیں اور چاروں کو ہر چہار کونے میں جلا دیں۔

سانپ ہی سانپ نظر آئیں گے۔

نوٹ: بتی کو چراغ میں جلانا چاہیے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 483

چراغ کی روشنی میں برہنہ ہو

جونک نکال کر باریک پیس کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر شب کو فتیلہ جلادے جو کوئی اس روشنی میں آئے گا کپڑے دور کریگا لیکن برہنہ نظر آئے گا۔ اصلی کھیل ہے۔

www.freeamliyaatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:484

چراغ کی روشنی میں آئیگا اور ناچے گا

بروز اتوار چھپکلی کی دم کاٹ کر جب کہ وہ تڑپنے لگے خود ناچتا رہے جب ٹھنڈی ہو جائے تب نر یا ہاڑی روئی میں اس کی بتی بنا کر شب کو چراغ روشن کر کے گل کر دے اور اس بتی کو جلائے تمام آدمی ناچنے لگیں گے۔ جب تک بتی جلتی رہے گی جب بتی کو گل کر دو گے تو کچھ نہ ہوگا۔

☆

www.freeamliyatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:485

عمل خود غائب ہونے کا

بروز یک شنبہ (اتوار) کو کنکری بیٹھنے جانور ٹیٹڑی کو جو کنارے تالاب یا دریا ہوتی ہے اس کے بیٹھنے کے بیچ جتنی کنکریاں ہوں سب اٹھا لے اور روبرو آئینے کے رکھ کر ایک ایک کنکری منہ میں ڈالتا جائے اور پھر باہر نکال لے اور آئینہ کو دیکھتا جائے جونسی کنکری سے آئینے کی شکل غائب ہو جائے اس کنکری کو بوقت ضرورت منہ میں ڈال لے تو سب کی نظروں سے غائب ہو جائے گا جس وقت کنکری کو منہ سے نکال لے ظاہر ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:486

عمل ازار بند توڑ دے

بروز ہفتہ یا اتوار جب کہ چڑا اور چڑی آپس میں جفتی کرتے ہوں تب ایک کچے سوت کا تاگا جو کسی کنواری لڑکی کا کاتا ہوا ہو جب تک وہ جفتی کریں تب تاگے کو گرہ دیتے جائیں اور بعد میں پھر لوبان کی دھونی دیں مگر اس تاگے کو راستے میں ڈالے جو عورت اس پر

سے گزرے گی اس کا ازار بند ٹوٹ جائے گا مگر یاد رہے کہ دن ہفتہ یا اتوار ہو۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 487

عمل زیادہ کھانا کھانے کا

جو پتہ ہوا کے ساتھ بگولے میں اوپر جائے اسی حالت میں اپنے دانتوں سے پکڑے ساتھ پتے خوک کے کمر میں باندھے تو اڑھائی من کھائے گا۔

☆

عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر: 488

پانی میں چراغ جلتا رہے

پھٹکری کا پانی کافور کا پانی بروز منگل چراغ میں پر کر کے بتی جلادے۔

- ☆ چراغ روشن کر دے کافور کی بتی بنا کر چراغ میں جلادے روشن رہے گا۔
- ☆ عرق سہ برگہ عرق گھیکوار کو فتیلہ پر سات بار ملے اور جلادے تو روشن رہیگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 489

انگلی لگانے سے انگلی نظر نہ آئے

عرق سہ برگہ اور عرق الکوحل ملا کر اپنی انگلی پر لگادے تو تمام آدمیوں کو انگلی نظر نہیں آئے گی۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:490

پتوں پر ڈالنے سے مثل چراغ روشن رہیگا

چراغ خام میں روغن الکول بھرے اور بتی جلادے اور درخت کے نیچے رکھے ہر ایک پتہ مثل چراغ کے روشن ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:491

سرسوں سبز ہو جائے گی

مٹی کے کونڈے میں سرسوں کو عرق الکول میں تر کر کے ڈالے بعد چار گھڑی کے سرسوں سبز ہوگی۔ دیگر سرسوں کو سات مرتبہ شیر سگ مادہ میں تر کر کے خشک کریں اور پھر بول خر میں بدستور تر کرے۔ پھر کونڈے میں وہ سرسوں ڈال دے چار گھڑی بعد سرسوں سبز ہو جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:492

درخت آم پیدا ہوگا

عرق بوے تلخ میں آم کی گٹھلی تر کر کے اور سانپ کی بل کی مٹی میں دفن کرے بعد دو پہر کے آم کا درخت پیدا ہوگا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:493

بغیر چراغ کے روشنی ہوگی

الو کی کھوپڑی میں روغن انکولی اور روغن کنجد سیاہ سے تر کر کے تیل بنا کر کاجل اتارے جو کوئی آنکھ میں لگائے اندھیرے میں روشنی نظر آئے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:494

جسم پر طلا کرنے سے دوسروں کو بڈھا معلوم ہو

بروز منگل 12 بجے دن کے سرسوں سفید پیس کر اور بکری کا پیشاب ملا کر اور اس میں روغن انکول ملا کر تمام بدن پر لیپ کرے تمام آدمیوں کی نظروں میں بڈھا معلوم ہوگا۔

……☆……

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر:495

عمل نظر باندھنے کا

لکڑی کو نج کی لا کر بروز یک شنبہ مرگھٹ پر بوقت شب جائے اور تیل کی چتا پر جو اسی روز جلایا ہو دفن کر دے پھر منگل کی رات کو جا کر نکال لائے پھر اس لکڑی کو چاروں طرف گھمائے جو شخص اس لکڑی کو دیکھے گا نظر بند ہو جائے گی۔

☆ روغن انکول بروز یکشنبہ عرق برگ لاجونتی ملا کر ہاتھ میں ملے جو کوئی ہاتھ دیکھے گا اس کی نظر بندھ جائے گی۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 496

کبوتر کا پر رکھنے سے کبوتر دکھائی دے

بروز یکشنبہ عروج ماہ میں کبوتر سیاہ سفید روغن الکول میں تر کر کے اپنے پاس رکھے اور ہر وقت تماشے کے ہاتھ پر اس پر کو رکھ کر کہے کہ کبوتر ہاتھ پر ہے۔ جس قسم کا پر ہوگا اسی طرح کا کبوتر دکھائی دے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 497

مکان وغیرہ سب چیزیں سبز معلوم ہوں

سر جگنو کا کاٹ کر جھلی میں لپیٹیں اور اس پر زنگار چھڑک کر روغن شیریں سے جلائیں مکان وغیرہ سب اشیاء سبز معلوم ہوں گی۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 498

جہاں چلا جائے دہشت نہ ہو

اگر پوست گرگ کھال بھیڑیئے کی، کا تسمہ بنا کر کمر میں باندھیں اس کی تاثیر سے رات کو جہاں چلا جائے دہشت کبھی نہ ہو۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر: 499

پانی میں نہ ڈوبے

دو منہ والے سانپ کے خون میں کپڑا بھگو کر دھوپ میں سکھا دے اور پھر اس کی

گولی بنا کر منہ میں رکھے اور پانی پر چلے ہرگز نہ ڈوبے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:500

جو دیکھے وہی مطیع ہو

اتوار کے روز گھوگھو کی زبان اور ڈھائی پتی نیم کی خوب باریک پیس کر اس کو آنکھ میں بطور سرمہ کے لگا دے اور جس شخص کو دیکھے وہ اس کا تابعدار ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:501

پستان غائب ہوں

چھوئی موئی (لاجنتی) کی پتی لے کر اتوار کے روز ہاتھ میں ملے۔ جب کسی عورت کے دونوں ہاتھ دکھلا کر بند کرے تو اس کے پستان غائب ہو جائیں اگر ایک مٹی کھول دے تو ایک پستان ظاہر ہو اگر دونوں کھول دے تو دونوں برآمد ہوں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:502

طلسمی آئینہ

اگر پستان مادہ سگ کاٹ کر پشت آئینہ پر چسپاں کر دے جو شخص اس کو دیکھے گا اس کی شکل مشابہ سگ معلوم ہو گی۔

……☆……

FREE AMLIYAAT BOOKS
خوش جیوے سرفراز شاہ ووچ مانچسٹر

نجینہ طلسم نمبر:503

انڈے کا عجیب کرتب

میں نے خود آزمایا ہے کہ اگر تیزاب گندھک یا نمک یا شورے کا ایک پانی کے بھرے ہوئے ٹب میں ڈالیں اور وہ جب اس میں حل ہو جائے تو ایک انڈا چھوڑ دیں تو اول وہ انڈا پانی میں بیٹھ جائے گا مگر تھوڑی دیر کے بعد اس میں پانی کے بلبلے سے آنے شروع ہوں گے اور وہ انڈا خوب زور زور سے چکر کھانے لگے گا۔ واضح ہو کہ سب تیزاب سے عمدہ نمک کا تیزاب ہے۔

⋆

گنجینہ طلسم نمبر:504

پیاسا انڈا

جونک اگر انڈے میں ڈالیں اور پھر اس کو پانی کے نزدیک رکھیں تو یہ انڈا پانی میں خود بخود چلا جائے گا۔

⋆

شعبدات

گنجینہ طلسم نمبر:505

دو چراغوں کے شعلے آپس میں لڑیں

ایک چراغ میں بھیڑیے کی چربی اور دوسرے میں بکری کی چربی رکھ کر سنبل کی روئی کی بتی بنا کر ڈال لے اور ایک شمال کی طرف اور دوسرا جنوب کی طرف اپنے سامنے ایک ہاتھ کے فاصلے پر رکھ دیں پھر دونوں شعلے آپس میں ایسا لڑیں گے کہ دیکھنے والے کو تعجب ہو گا

اور اگر ایک کو پہلے بجھاؤ گے تو پھر جل اٹھے گا اگر دونوں کو اکٹھے بجھاؤ گے تو گل ہوں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:506

بارش میں ہوا میں چراغ جلے

سمند پھٹ اور گندھک پیس کر روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر تلوں کے تیل میں جلائیں خواہ کیسی ہی اندھیرا طوفان ہو چراغ جلے گا۔

……☆……

www.freeamliyaatbookspk.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S

گنجینہ طلسم نمبر:507

تمام گھر میں بچھو نظر آئیں

لیزمی کو روغن زیتون میں بھگو کر چراغ میں روغن کنجد میں جلائیں تو تمام گھر میں بچھو نظر آئیں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:508

سبزی کو اچھالنے کی ترکیب:

بھادوں کے مہینے میں جنگل سے اتوار کے دن مینڈک کو لائیں اور اس کے منہ میں مٹی بھر کے اس میں سات دانے ارارو کے رکھے اور اس طرح زمین میں دفن کر دیں کہ منہ اس کا اوپر کھلا رہے اور آب باراں یا دریا سے سینچنا شروع کریں جب درخت قائم ہو اور اس میں پھل لگ کر خشک ہو جائے جب اتوار کے دن توڑ کر دانہ نکال کر رکھ دیں پھر ان میں سے دانے جس ترکاری کی ٹوکرے میں رکھیں گے سب ترکاری اچھلنے لگے گی۔

ارشاد ووچ مانچسٹر

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:509

دو برتن آپس میں لڑیں

بکہ نچھتر میں اتوار یا منگل کے دن دو دانت کالے کتے کے دو دانت کالی بلی کے لائیں اور چاروں کو سیندور لگا کر ایک پیالے میں رکھ کر ڈھکنا ڈھانک دیں پھر دو دانت مینڈھے کے اور دو بکری کے لائیں اور سیندور لگا کر بکری کے دانت ایک پیالے میں بند کر دیں اور مینڈھے کے دوسرے پیالے میں رکھ کر بند کر کے ان کو اتر اور دشمن کی طرف رکھ دیں فاصلہ ایک ہاتھ ہو اور پہلا پیالہ کتے بلی والا بیچ میں رہے اور مینڈھے اور بکری والے باہر ہوں تو مینڈھے اور بکری والے پیالے لڑیں گے اور کتے بلی والا ان کو چھڑائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:510

دن میں ستارے دکھائی دیں

سفید سرمے کو پیس کر اگست کے پھول کے رس میں سات دن تک رکھے پھر اس سرمے کو آنکھ میں لگائیں دن کو ستارے دکھائی دیں گے۔

……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:511

گھر پانی سے بھرا نظر آئے

مچھلی اور بھیڑیئے کی چربی ہم وزن لے کر بتی بنائیں اور چراغ میں جلائیں سب گھر پانی سے بھرا ہوا نظر آئے گا۔

……☆……

یونس جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

توجہ فرمائیے!

ان باتوں پر غور کیجئے

یہ کتاب قدیم کتاب کا اصلی عکس ہے اور یہ کتاب صرف عاملین اور روحانیت کے ماہرین کے لئے ہے۔ عام لوگ صرف اس کتاب کا مطالعہ کریں اور اس کے علاوہ اگر اس کتاب سے دیکھ کر کوئی تعویذ، منتر، عمل یا چلہ وغیرہ کرتے ہیں ہیں تو اس کے جانی و مالی نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے کیونکہ یہ عام لوگوں کے لئے نہیں ہے لہذا اس کتاب کو صرف پڑھیں۔ اگر چہ آپ کوئی تعویذ لکھنا اور عمل یا وظیفہ کرنا چاہتے ہیں تو کسی ماہر عامل، پروفیسر یا پیر کامل سے ملیں اور اس سے مشورہ کر کے یہ کام کریں اگر عامل، پیر، پروفیسر یا قرآن و حدیث پر عبور رکھنے والا عالم آپ کو عمل کرنے کی اجازت دے دیتا ہے تو صرف وہ ہی کام کریں۔ ورنہ ہرگز کوئی ایسا عمل یا کام مت کریں کہ جس سے آپ کسی جانی آسیبی یا جادوئی آفت یا مصیبت میں مبتلا ہو جائیں تو اس پر مصنف یا ادارہ اس کا ذمہ دار نہ ہو گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو گا۔

خوش جیوے

ادارہ

سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

عثمان پبلی کیشنز کی مایہ ناز بکس

جوانی دیوانی حکیم وڈاکٹر ہری چند ملتانی	جوانی کیا ہے یہ دیوانی کب ہوتی ہے کب جوانی آتی ہے دیوانی کے راز کب کھلتے ہیں جوانی آئی اور پھر اپنے ہاتھ سے برباد کی ہوئی جوانی کا علاج اس کتاب میں قیمت:240
دنیائے طلسمات مترجم عامل حیدر بابا مرحوم	دنیائے طلسماتی راز کیا ہیں ان رازوں کو کیسے جاننا چاہیے کونسے طلسمات ہیں جو انسان کو درست رکھتے ہیں طلسماتی جسمانی ٹوٹکے راز اور ان کا بیان قیمت:270
گنجینہ طلسمات مترجم حکیم افضل شیخ	طلسمات کا مطلب جادوگری یا جادو کے راز جاننا نہیں طلسمات کے کئی مطلب ہیں طلسماتی علاج طلسماتی دوائیں طلسماتی فارمولے زندگی گزارنے کے طریقے قیمت:240
طلسمی ٹوٹکے مترجم شمس الدین	گھر میں موجود طلسماتی چیزیں کیا ہیں جن سے ہم سونا چاندی اور تانبے جیسے نسخہ جات بنا سکتے ہیں اور کما سکتے ہیں جن سے ہماری صحت اور ہمارا جسم فولاد بن سکتا ہے قیمت:270
کیمیا گری کے خزانے وید کرشن دیال	120 سال پرانی قدیم کیمیا گری کی لاجواب اور حیرت انگیز کتاب بمال جنتر کے 200 نسخہ جات مجربات کا ذکر وید کی کی خفیہ باتیں اور وید کے کمال فارمولے درج کرشن دیال وید کا بادشاہ جس نے طب اور وید کو ایک کیا۔ قیمت:1200
ویٹرنری میٹریا میڈیکا ڈاکٹر نوید چوہدری ڈاکٹر عتیق الرحمٰن	طب ہومیو ایلوپیتھک دوائے اب ایک جگہ صرف میڈیسن کے جدید طریقہ کار پر مشتمل جدید کتاب اب جانوروں کا علاج گھر میں موجود چیزوں سے بھی کر سکتے ہیں پالتو جانوں کا علاج اب آپ خود کریں گائے بھینس بکرا کتا بلی طوطا کبوتر مرغی مچھلی وغیرہ کے علاج قیمت:600 روپے

دور جدید میں ادارہ کی مایہ ناز کتب

عملیات سنت قرآنی	سنتوں کیمطابق عملیات جس سے ہر مشکل ہر بیماری ہر روحانی وغیر روحانی علاج ومسئلہ کا حل عملیات سے کریں۔ قیمت: 240 روپے
تنتر شاستر حکیم رام کشن	جاگتا جادو چلتا جادو پرانے ہندوؤں دیوتاؤں اور چڑیلوں کے قصے کہانیاں اور شعبدہ بازی کے راز ان لوگوں کا کاروبار جادو کرنا سکھاتا تھا۔ قیمت: 270 روپے
قانون کشش المعروف موہنی ودیا عامل حیدر بابا	عملیات اور عمل کرنیوالے لوگوں کیلئے ایک موہنی ودیال کی قدیم کتاب زمانہ قدیم کے عامل حیدر بابا جو ہر عام وخاص کو صرف ایک تعویذ دیتے تھے جس سے ہر مشکل ہر بیماری ہر روحانی اور غیر روحانی چیز کا علاج مسئلہ کے حل امراض اور ان عملیات سے کریں۔ قیمت 225 روپے
کشمیری کوک شاستر پریم پال اشک	پریم پال اشک جب کشمیر میں رہتا تھا تب اس نے پہلی بار کوکا پنڈت کو چیلنج کیا کہ کوک شاستر میری ہے کوکا پنڈت کا کہنا تھا کہ یہ میری ہے اور لوگوں نے پریم پال اشک کی کشمیری کوک شاستر کو پسند کیا۔ قیمت: 270 روپے
ہمالہ پربت کا جادو عامل حیدر بابا	پرانے وقتوں میں عملیات منتروں سے علاج اور بیماریاں دور کرتے تھے تب دوائیں نہیں تھیں اس وقت کی کتاب جس میں پرانے منتر عملیات لکھے ہیں۔ قیمت 210 روپے

ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

عثمان پبلی کیشنز کی مایہ ناز بکس

ہمالہ پربت کا جادو عامل جی دربابا	پرانے وقتوں میں عملیات منتروں سے علاج اور بیماریاں دور کرتے تھے تب دوائیں نہیں تھیں اس وقت کی کتاب جس میں پرانے منتر عملیات لکھے ہیں۔ قیمت 210

روحوں سے ملاقات

ارواح سے ملاقات کرنے بات چیت کرنے اور روشن ضمیر اور استفادہ کرنے کے راز دنیا سے جا چکے لوگ اور ان کی اچھی روحیں کیا کرتی ہیں کیا کہتی ہیں۔ ان سے بات چیت اور ملنے ملاقات کرنے کے حقیقی راز اور دینی طریقے اس کتاب میں اور کیا ہے یہ آپ خود دیکھیے۔

پریم بندھن	بندھن شادی پریم کرنے کے طریقے پریم بندھن کے عملیات محبوب کو کیسے پریم میں پھنسایا جائے تعویذات عشق و محبت میں محبوبہ کو کیسا پیار ہو۔ قیمت 270
مہاتما سدھی سدھی رام شرما	عملیات جادو جن چڑیل بھوت اور عمل کے بارے میں مہاتما سدھی کے بیانات سدھی رام شرما کی آپ بیتی جو اس پر گزری حالات و واقعات عمل قیمت 300
تنتر شاستر جاگتا جادو چلتا جادو حکیم رام کشن	پرانے ہندوؤں دیوتاؤں، جادو اور چڑیلوں کے قصے کہانیاں اور شعبدہ بازی کے راز کیا تھے ان لوگوں کا کاروبار جادو کرنا سکھاتا تھا قیمت: 270
تسخیر جنات حاجی شمس الدین	جنات کو تسخیر کیسے کرتے ہیں ہمزاد کو قابو کیسے کرتے ہیں ان دونوں علموں کو ہاتھ میں رکھنے کا علم سیکھیے قدیم ہمزاد اور نئے ہمزاد میں کیا فرق ہے؟ قیمت: 240

www.freeamliyatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دور جدید میں ادارہ کی مایہ ناز کتب

بندشیں کیسے لگتی ہیں؟ شوکت علی شاکر قادری	بندشیں کیسے لگتی ہیں اولاد کی بندش، روزگار کی بندش، میاں بیوی کی بندش و دیگر بندشیں لگنے کی وجوہات کیا ہیں اور کیوں لگتی ہیں یہ سب اس کتاب میں درج کر دیا گیا ہے۔ قیمت:320روپے
تحفہ قلندری آٹھ حصے یکجا	تحفہ قلندری عملیات پر جامع کتاب آٹھ حصے یکجا کر کے شائع کر دی گئی ہے جس سے عامل لوگ عملیات میں بے پناہ فائدہ اٹھائیں گے۔ قیمت:660روپے
تسخیر جنات حاجی شمس الدین	جنات کو تسخیر کیسے کرتے ہیں ہمزاد کو قابو کیسے کرتے ہیں ان دونوں علموں کو ہاتھ میں رکھنے کا علم سیکھئے قدیم ہمزاد اور نئے ہمزاد میں کیا فرق ہے؟ قیمت:240روپے
پریم بندھن کے 342 عملیات شوکت علی شاکر قادری	بندھن شادی پریم کرنے کے طریقے پریم بندھن کے عملیات محبوب کو کیسے پریم میں پھنسایا جائے تعویذات عشق و محبت میں محبوبہ کو کیسا پیار ہو۔ قیمت 270 روپے
ارتھ شاستر مصنف ارتھ رام شاستر	جسمانی بیماریوں کا علاج ہندو کچھ یوں کرتے تھے جنگلوں میں جا کر ایک پاؤں پر کھڑے ہو جاتا پھر دائرہ جنگجو لگا کر بیٹھ جاتا کسی درخت پر چڑھ جاتا پتھر لکڑی پتے کھاتا یہ انکا قدیم علاج کرنے کا طریقہ دیکھئے۔ قیمت 300روپے

ملک جلال دین، ہسپتال، چوک، اردو بازار، لاہور

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096672

اللہ
کتاب الاستخارہ
عثمان پبلی کیشنز

کتاب الاستخارہ

انسان پریشان ہے وہ کرنا کچھ چاہتا ہے اور ہو کچھ جاتا ہے اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا طریقہ اللہ اور اس کے رسول کی رضامندی جاننے کیلئے اس کتاب میں استخارہ کے بیشمار طریقے درج ہیں۔ قیمت: 240 روپے

Hypnotism
کمالات ہپناٹزم
ٹیلی پیتھی
عثمان پبلی کیشنز

کمالات ہپناٹزم

جو لوگ ہپناٹزم سیکھنا چاہتے ہیں ان کیلئے اور جو لوگ یہ چاہتے ہیں ان پر کوئی بھی ہپناٹزم نہ کر سکے صرف وہ [illegible] کر سکے ان کیلئے اور سب ہپناٹزم جاننے والوں کیلئے۔ قیمت: 270 روپے


اللہ
بندش
کیسے کھلتی ہے؟
عثمان پبلی کیشنز

رکاوٹ بندش کیسے کھلتی ہے؟

جن لوگوں کا کاروبار بند ہے۔ بیماری ٹھیک نہیں ہو رہی اور ہر کام میں رکاوٹ آرہی ہے۔ ان سب کے لئے ہر قسم کی رکاوٹ بندش کھولنے کے لئے کی بہترین کتاب قیمت: [illegible] روپے


علم جفر
عثمان پبلی کیشنز

علم جفر

صدیوں پرانا حقیقی جفر کا علم سمندر سے بھی گہرا، پڑھیں تو معلوم ہو کہ یہ علم کیا ہے اور کیا کچھ کر سکتا ہے۔ پہلے آپ نے جو بکس پڑھی ان میں کیا گیا لیکن یہ کتاب واقعی ایک علم کی کتاب ہے۔ قیمت: 240 روپے

عثمان پبلی کیشنز

جلال دین ہسپتال بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور
فون: 042-37640094 موبائل: 0333-4275783
upublications@hotmail.com
upublications@gmail.com

FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks